Email- info@awamilakaar.com

MEMBER WUOJ

عوام کی بے ساختہ للکار

ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 17 | بدھ ، 4 نومبر 2026ء ، 23 جمادی الاول 1448ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 191

ایل پی جی سیکٹر میں اجارہ داری کے خاتمے اور مسابقت کے فروغ کے لئے اقدامات کئے جا رہے ہیں، پہلی مرتبہ آئل ریفائنریوں کا منافع عوام کو منتقل کیا گیا، عطاء اللہ تارڑ

ایل پی جی سیکٹر کی اجارہ داری ختم، آئل ریفائنریوں کا منافع عوام کو منتقل

وزیراعظم نے عالمی توانائی بحران کے باوجود عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لئے اقدامات کئے ، ٹارگٹڈ فیول ریلیف سکیم کے ذریعے مستحق طبقات کو سہولت فراہم کی جا رہی ہے

ایل پی جی سیکٹر کے حوالے سے فیصلہ کیا گیا ہے کہ مسابقت کو فروغ دیا جائے ، چند افراد کی اجارہ داری اور طویل عرصے سے رائج صوابدیدی کوٹہ سسٹم ختم کیا جائے ، وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ



وفاقی وزراء عطاء اللہ تارڑ اور علی پرویز ملک پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

اسلام آباد (محمد فیصل ندیم سے) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ ایل پی جی سیکٹر میں مسابقت کو فروغ دیتے ہوئے اجارہ داری کے خاتمہ کے لئے اقدامات کئے جا رہے ہیں، وزیراعظم نے عالمی توانائی بحران کے باوجود عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لئے اقدامات کئے ، ٹارگٹڈ فیول ریلیف سکیم کے ذریعے مستحق طبقات کو سہولت فراہم کی جا رہی ہے ، پہلی مرتبہ آئل (بقیہ نمبر 4)

انسداد سموگ کریک ڈاؤن تیز، 9 صنعتی یونٹس سیل

4 بھٹے مسمار، 5 سیل، 8 کے خلاف مقدمات، 11 لاکھ 50 ہزار روپے جرمانہ عائد

لاہور (این این آئی) پنجاب بھر میں ماحولیاتی آلودگی پھیلانے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن مزید تیز کر دیا گیا، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 1061 مقامات اور یونٹس کی انسپکشن کی گئی جبکہ خلاف ورزیوں پر بھاری جرمانے، سیل کرنے سمیت مقدمات کا اندراج کرایا گیا ۔ماحولیاتی حکام کے مطابق صنعتی آلودگی پھیلانے والے 9 یونٹس سیل اور 2 مسمار کر دیئے گئے جبکہ 2 یونٹس کے خلاف مقدمات درج کرکے 6 لاکھ (بقیہ نمبر 7)

آئی ایم ایف کا شارٹ فال پر اظہار تشویش، ہنگامی ٹیکس اقدامات کی تجویز

عالمی مالیاتی ادارے کا 15 ہزار 264 ارب کا سالانہ ٹیکس وصولی کا ہدف پورا کرنے پر زور

اسلام آباد (این این آئی) آئی ایم ایف نے ٹیکس ریونیو میں کمی پر ہنگامی ٹیکس اقدامات کی تجویز دے دی ہے۔نجی ٹی وی نے اپنی تشویش کا اظہار کرتے ہوئے شارٹ فال پورا کرنے کے لیے رپورٹ میں ذرائع کے حوالے سے (بقیہ نمبر 10)

الیکشن کمیشن نے ایم کیو ایم پاکستان کو شوکاز جاری کر دیا

ایم کیو ایم پاکستان انٹرا پارٹی انتخابات کرانے کے قانونی تقاضے پورے کرنے میں ناکام رہی ہے

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے متحدہ قومی موومنٹ (ایم کیو ایم) پاکستان کو شوکاز جاری کر دیا ہے۔الیکشن کمیشن کے مطابق 26 اکتوبر 2026 کو شوکاز جاری کیا گیا ہے، ایم کیو ایم پاکستان انٹرا پارٹی انتخابات (بقیہ نمبر 9)

مولانا فضل الرحمن کو 200 فیصد دوست سمجھتا ہوں، خواجہ آصف

ہم دونوں ایک دوسرے کے دوست ہیں، سیاست کسی سے تعلق بگاڑتی نہیں ہے، خواجہ آصف کا جواب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے مولانا فضل الرحمن کے دوست کہنے پر ردِعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمن کو 200 فیصد دوست سمجھتا ہوں، ہم دونوں ایک دوسرے کے دوست (بقیہ نمبر 8)

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی اٹک کی کامسٹ یونیورسٹی میں ہونہار سکالرشپ سکیم اور لیپ ٹاپ تقسیم کی تقریب میں شرکت

طلبہ کیلئے بڑا سرپرائز، ہونہار سکالرشپس اور لیپ ٹاپس تقسیم

لیپ ٹاپ اور ہونہار سکالرشپ تقسیم تقریب میں صوابی، خیبر پختونخوا کے طلبہ بھی موجود، 3600 طلبہ کو پنجاب حکومت کی طرف سے ہونہار سکالرشپ دیا جا رہا ہے

ایک سمسٹر کی فیس دو لاکھ کے لگ بھگ جو سکالرشپ سے ممکن ہوئی، خیبر پختونخوا کے طلبہ کا وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو زبردست خراج تحسین

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو طلبہ نے تحائف پورٹریٹ اور سکیچ پیش کئے ، ارکان اسمبلی، ٹکٹ ہولڈر اور دیگر رہنماؤں سے نشستوں پر جا کر مزاج پرسی کی

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے لیپ ٹاپ اور ہونہار سکالرشپ چیک تقسیم کئے ، اٹک میں راولپنڈی ڈویژن کے طلبہ میں 6,161 لیپ ٹاپ تقسیم کیے گئے



لاہور، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ بارے خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

لاہور (این ای این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اٹک کی کامسٹ یونیورسٹی آمد، ہونہار سکالرشپ سکیم اور لیپ ٹاپ تقسیم کی تقریب میں شرکت کی۔ لیپ ٹاپ اور ہونہار سکالرشپ تقسیم تقریب میں صوابی، خیبر پختونخوا کے طلبہ بھی پہنچ گئے ۔خیبر پختونخوا میں 3600 طلبہ کو پنجاب حکومت کی طرف سے ہونہار سکالرشپ دیا جا رہا ہے۔خیبر پختونخوا کے طلبہ نے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ ایک سمسٹر کی فیس دو لاکھ کے لگ بھگ جو سکالرشپ سے ممکن ہوئی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو طلبہ نے تحائف پورٹریٹ اور سکیچ پیش کئے ۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ارکان اسمبلی، ٹکٹ ہولڈر اور دیگر رہنماؤں سے نشستوں پر جا کر مزاج پرسی کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی موجودگی میں پولیس کے چاق وچوبند دستے نے جنرل سلامی پیش کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے لیپ ٹاپ اور ہونہار سکالرشپ چیک بھی تقسیم کئے ۔ ہونہار سکالرشپ پروگرام کے پہلے، دوسرے اور تیسرے فیز میں ایک لاکھ 8 ہزار طلبہ وطالبات میں سکالرشپ تقسیم کیے گئے ۔ اٹک میں راولپنڈی ڈویژن کے طلبہ میں 6,161 لیپ ٹاپ تقسیم کیے گئے ۔ 628 لیپ ٹاپ، سرکاری جامعات، 257 نجی جامعات، 461 میڈیکل کالجز، 375 نرسنگ کالجز، 17 خصوصی تعلیم کے اداروں جبکہ 423 لیپ ٹاپ ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ (HED) کے کالجز کے طلبہ میں تقسیم کیے گئے ۔ ہونہار سکالرشپ پروگرام کے تحت راولپنڈی ڈویژن کے طلبہ میں مجموعی طور پر مالیت (بقیہ نمبر 6)



وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا ایک پہنچے پر پرتپاک استقبال کیا جا رہا ہے

نیشنل سائبر فراڈ کوارڈی نیشن سیل کے قیام کی تجویز

اسلام آباد/لاہور (این این آئی) پاکستان میں آن لائن مالی فراڈ کی روک تھام اور ایسے جرائم کی تحقیقات کو موثر بنانے کے لیے نیشنل سائبر فراڈ کوارڈی نیشن سیل قائم (بقیہ نمبر 12)

خود کو سینئر پولیس افسر کا اسٹاف افسر ظاہر کرنے والا نوسر باز گرفتار

زیر حراست ملزم کو ذاتی ضمانت پر رہا کروانے کیلئے تفتیشی افسر سے رابطہ کیا گیا

لاہور (این این آئی) خود کو سینئر پولیس افسر کا اسٹاف افسر ظاہر کرنے والا نوسر باز یونیورسٹی گیشن پولیس لیاقت آباد کے شکنجے میں آ گیا۔ملزم خود ہی تھانہ پہنچ جاتا۔ انچارج انویسٹی گیشن نے کہا کہ جعلی اسٹاف افسر نے زیر حراست (بقیہ نمبر 11)

اپنی چھت اپنا گھر اسکیم نئی درخواستیں طلب کرنے کی منظوری

اپنی چھت، اپنا گھر پورٹل پر 17 لاکھ سے زائد افراد رجسٹرڈ، ایک لاکھ 28 ہزار 718 گھر مکمل کیے جا چکے ہیں، بریفنگ

22.2 ارب روپے کے قرضوں کی اقساط وصول ہوگئی ہیں، درخواست دہندگان کو ایک ارب 21 کروڑ 60 لاکھ کا قرضہ مل گئے



وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا ایک پہنچے پر پرتپاک استقبال کیا جا رہا ہے

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے اپنی چھت اپنا گھر اسکیم کیلئے نئی درخواستیں طلب کرنے کی منظوری دیدی۔ لاہور میں مریم نواز کی زیر صدارت اپنی چھت، اپنا گھر پروجیکٹ سے متعلق اہم اجلاس ہوا جس دوران وزیراعلیٰ پنجاب نے اپنی چھت اپنا گھر کے لیے نئی درخواستیں طلب کرنے کی منظوری دی۔ بریفنگ میں وزیراعلیٰ کو بتایا گیا کہ اپنی چھت، اپنا گھر پورٹل پر 17 لاکھ سے (بقیہ نمبر 13)

فرح ناز اکبر کی قیادت میں 500 گرلز گائیڈز کی یادگار فتح آمد

اسلام آباد (این این آئی) پارلیمانی سیکرٹری اور رکن قومی اسمبلی محترمہ فرح ناز اکبر، صدر پاکستان گرلز گائیڈز ایسوسی ایشن (پی جی جی اے) اسلام آباد چیپٹر کی قیادت میں 500 گرلز گائیڈز نے یادگار فتح کا (بقیہ نمبر 15)

واٹس ایپ ہیکنگ فراڈ میں ملوث ملزم فیصل آباد سے گرفتار

ملزم نے خود کو کوریئر ڈیلیوری بوائے ظاہر کر کے شہری کا واٹس ایپ ہیک کیا

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل سائبر کرائم انویسٹیگیشن ایجنسی اسلام آباد نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے واٹس ایپ ہیکنگ فراڈ میں ملوث ملزم فیصل آباد سے گرفتار، ملزم نے خود کو کوریئر ڈیلیوری بوائے ظاہر کر کے شہری کا واٹس ایپ ہیک کیا، واٹس ایپ ہیک کر کے شہری کو 13 لاکھ روپے کا مالی نقصان پہنچایا، ملزم کے خلاف پیکا ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی (بقیہ نمبر 14)

ہر جانے کا نوٹس بھیجنے کا اعلان

مریم نواز کا چوہدری سالک کو

چوہدری سالک وفاقی وزیر ہیں، الزام لگانے کے بجائے ثبوت پیش کریں، اگر ان کے پاس ثبوت ہیں تو سامنے لائیں

ورنہ عدالت میں لے کر جاؤنگی، جو شخص سفارش پر آتا ہے وہ ملک اور عوام کا بیڑا غرق کرتا ہے، وزیراعلیٰ پنجاب



لاہور: پاکستان انڈسٹریل ایکسپو 2026ء کے انعقاد کے حوالے سے مسٹر فادینین اور ڈپٹی جنرل منیجر ذیشان ہاشمی پریس کانفرنس کر رہے

انک (این این آئی) وزیرِ اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے چوہدری سالک کو ہرجانے کا نوٹس بھیجنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ چوہدری سالک وفاقی وزیر ہیں، الزام لگانے کے بجائے ثبوت پیش کریں، اگر ان کے پاس ثبوت ہیں تو سامنے لائیں، ورنہ عدالت میں (بقیہ نمبر 25)

بلوچستان میں 17 دہشتگرد ہلاک، پاک فوج کا 1 اہلکار شہید

کارروائیاں

بھارت اسپانسرڈ 17 دہشت گردوں کو نشانہ بنایا گیا، ہلاک دہشت گردوں سے اسلحہ اور بارود بھی برآمد کر لیا گیا

فائرنگ کے تبادلے کے دوران پاک فوج کا 25 سالہ سپاہی حکمت اللہ نے بہادری سے لڑتے ہوئے شہادت پائی



پارلیمانی سیکرٹری محترمہ فرح ناز اکبر نے منگل کے روز 500 گرل گائیڈز کے ہمراہ یادگار فتح پر پاکستان کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا اور مادر وطن کے لیے ان کی عظیم قربانیوں کو سراہا

اسلام آباد (این ای این) سیکورٹی فورسز نے بلوچستان کے دو اضلاع پنجگی اور خاران میں خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر کارروائی کرتے ہوئے بھاری پر اکسی فتنۃ الہندوستان سے منسلک 17 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا جبکہ فائرنگ کے تبادلے میں پاک فوج کا ایک سپاہی شہید ہوگیا۔پاک فوج کے (بقیہ نمبر 26)

مدرسہ میں بچے پر مبینہ تشدد، آنکھ متاثر، پولیس نے قاری کو گرفتار کر لیا

پولیس نے متاثرہ بچے کی درخواست پر قاری عبدالواحد کے خلاف مقدمہ درج کر لیا

لاہور (این این آئی) لاہور میں دینی تعلیم حاصل کرنے والے کم عمر طالب علم پر مبینہ تشدد کا واقعہ سامنے آیا ہے، جہاں مدرسے کے قاری کے خلاف بچے کی بائیں آنکھ پر تشدد کے الزام میں مقدمہ درج کر لیا گیا۔ بچے کے والد سید پرویز اقبال کی درخواست پر (بقیہ نمبر 27)

رتہ امرال کے علاقے سے خاتون کی نعش ملنے کا معاملہ

ابتدائی تحقیقات کے مطابق قتل کے شواہد سامنے نہیں آئے، خاتون کی طبعی موت کا امکان

راولپنڈی (این این آئی) رتہ امرال کے علاقے سے خاتون کی نعش ملنے کی اطلاع پر ایس پی راول و دیگر سینئر افسران فوری موقعہ پر پہنچے، ابتدائی تحقیقات کے مطابق قتل کے شواہد سامنے نہیں آئے، خاتون کی موت طبعی موت لگتی ہے تاہم تمام زاویوں پر (بقیہ نمبر 24)

لاکھوں روپے مالیت کے طلائی زیورات کی چوری کا ڈراپ سین

گھریلو ملازمہ ملوث نکلی، 3.7 لاکھ روپے سے زائد مالیت کے طلائی زیورات برآمد

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ سول لائنز پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے فیملی کی غیر موجودگی میں گھر سے لاکھوں روپے مالیت کے طلائی زیورات کی چوری کا سراغ لگا لیا، گھر میں ملازمت کے لئے آنے والی خاتون ہی ملوث نکلی، ملزمہ گرفتار، (بقیہ نمبر 23)



لاہور: صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق اینٹی سموگ گن چلا کر چمکتا لاہور صفائی مہم کا افتتاح کر رہے ہیں، وزیراعلیٰ کے معاون خصوصی شعیب مرزا بھی ساتھ ہیں

وزیراعظم شہباز شریف کی ذہانت کا سائنسدان نیوٹن سے موازنہ

وزیراعظم بدعنوانی یا نااہلی کو ہرگز برداشت نہیں کرتے اور نہ ہی نااہل یا بدعنوان افراد کو اپنے قریب رہنے دیتے ہیں

شہباز شریف کا بس چلے تو کابینہ کے 55 وزیروں میں سے 52 یا 53 فارغ ہوں گے اور 2 یا 3 ہی بچیں گے، حذیفہ رحمان

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف کے معاون خصوصی حذیفہ رحمان نے وزیراعظم کی ذہانت کا موازنہ معروف سائنسدان آئزک نیوٹن سے کیا ہے۔نجی ٹی وی بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کا آئی کیو نیوٹن کے آئی کیو کے قریب ہے۔شہباز شریف کے کام کرنے کے انداز اور کابینہ کے اراکین کے بارے میں بات کرتے ہوئے حذیفہ رحمان نے بتایا (بقیہ نمبر 16)

ستھرا پنجاب وژن کے تحت ''چمکتا لاہور'' مہم کا آغاز

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر صفائی اور انسداد سموگ کیلئے خصوصی مہم کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق نے لبرٹی چوک آمد پر ایک تقریب کے دوران مہم کا افتتاح کیا۔اس موقع پر وزیراعلیٰ کے معاون (بقیہ نمبر 18)

بدھ مت وفد کی وزیر ثقافت سے ملاقات، مختلف امور پر تبادلہ خیال

گندھارا تہذیب اور بدھ ورثے کے فروغ کیلئے تعاون بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ و ثقافت اوتنگزیب خان کھچی سے سری لنکا کے 16 رکنی اعلیٰ سطحی وفد نے آج پاکستان نیشنل کونسل آف دی آرٹس اسلام آباد میں ملاقات کی۔ ملاقات میں گندھارا تہذیب، بدھ مت کے تاریخی ورثے، (بقیہ نمبر 17)



بشپ ارنسٹ جیکب، خیبر پختونخوا کے گورنر کے مشیر برائے اوقاف، مذہبی واقلیتی امور، زکوٰۃ وعشر، مولانا طیب قریشی کو ان کی نئی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد دیتے ہوئے گلدستہ پیش کر رہے ہیں

چوہدری سالک حسین نے بہت بڑا ایمان دیا، یہ لمحہ فکریہ ہے، ندیم افضل چن

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات ندیم افضل چن نے کہا ہے کہ چوہدری سالک حسین نے بہت بڑا ایمان دیا ہے اور یہ لمحہ فکریہ ہے، یہ بات کوئی عام وزیر نہیں بلکہ چوہدری شجاعت حسین کا بیٹا کہہ رہا ہے، جن کا بھائی بھی پنجاب میں وزیر ہے۔ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ اگر وہ (بقیہ نمبر 19)

انسداد پولیو ٹیم کی ڈیوٹی پر جانیوالے 2 پولیس اہلکار فائرنگ سے شہید

نامعلوم مسلح ملزمان نے مہمند کے علاقے ڈاگ تمانزئی میں انسداد پولیو مہم کی ڈیوٹی پر جانے والے پولیس اہلکاروں پر فائرنگ کی

مہمند (این این آئی) مہمند میں انسداد پولیو ٹیم پر فائرنگ سے 2 پولیس اہلکار شہید ہوگئے۔ پولیس کے مطابق نامعلوم مسلح ملزمان نے مہمند کے علاقے ڈاگ تمانزئی میں انسداد پولیو مہم کی ڈیوٹی پر جانے والے پولیس اہلکاروں پر فائرنگ کی جس سے 2 پولیس اہلکار موقع پر ہی شہید ہوگئے ۔پولیس کا کہنا ہے کہ ملزمان کی فائرنگ سے ایک اہلکار زخمی بھی ہوا جسے فوری طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کر دیا (بقیہ نمبر 20)



صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق، نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کینسر ٹریٹمنٹ اینڈ ریسرچ کا دورہ کر رہے ہیں، سیکرٹری صحت پنجاب عظمت محمود بھی ہمراہ ہیں

رتہ امرال کے علاقے سے خاتون کی نعش ملنے کا معاملہ

ابتدائی تحقیقات کے مطابق قتل کے شواہد سامنے نہیں آئے، خاتون کی طبعی موت کا امکان

راولپنڈی (این این آئی) رتہ امرال کے علاقے سے خاتون کی نعش ملنے کی اطلاع پر ایس پی راول و دیگر سینئر افسران فوری موقعہ پر پہنچے، ابتدائی تحقیقات کے مطابق قتل کے شواہد سامنے نہیں آئے، خاتون کی موت طبعی موت لگتی ہے تاہم تمام زاویوں پر (بقیہ نمبر 24)

لاکھوں روپے مالیت کے طلائی زیورات کی چوری کا ڈراپ سین

گھریلو ملازمہ ملوث نکلی، 3.7 لاکھ روپے سے زائد مالیت کے طلائی زیورات برآمد

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ سول لائنز پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے فیملی کی غیر موجودگی میں گھر سے لاکھوں روپے مالیت کے طلائی زیورات کی چوری کا سراغ لگا لیا، گھر میں ملازمت کے لئے آنے والی خاتون ہی ملوث نکلی، ملزمہ گرفتار، (بقیہ نمبر 23)

لاہور: صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق اینٹی سموگ گن چلا کر چمکتا لاہور صفائی مہم کا افتتاح کر رہے ہیں، وزیراعلیٰ کے معاون خصوصی شعیب مرزا بھی ساتھ ہیں

بیرون ملک مقیم پاکستانی ملک کا قیمتی سرمایہ ہیں

چیئرمین او پی ایف سید قمر رضا شاہ سے راجہ عاصم ظہور اور راجہ طاہر محمود کی ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک استحکام راولپنڈی کے صدر راجہ عاصم ظہور اور پاکستان پیپلز پارٹی یورپ کے نائب صدر و ڈائریکٹر ڈیفنڈرز انٹرنیشنل افیئرز راجہ طاہر محمود نے چیئرمین اوورسیز پاکستانیز فاؤنڈیشن (او پی ایف) سید قمر رضا شاہ سے (بقیہ نمبر 22)

ایس ایس پی انویسٹی گیشن کی پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری

شہریوں کی شکایات سنیں، حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے

راولپنڈی (این این آئی) ایس ایس پی انویسٹیگیشن سیف اللہ نے پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا ایس ایس پی انویسٹیگیشن نے شہریوں کی شکایات سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات بھی جاری کیے، مارک کردہ (بقیہ نمبر 21)

آل پاکستان نجی تعلیمی اداروں کی انجمن کے زیر اہتمام کلام اقبال، اردو تقریر اور خطاطی ومصوری کے مقابلے

کلامِ اقبال، تقریری اور خاکہ نگاری کے مقابلے

طلبہ وطالبات کی بھرپور شرکت، ایم پی اے مہوش سلطانہ کی بطور مہمانِ خصوصی شرکت، نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ میں اسناد تقسیم

سرگرمیوں کا مقصد نئی نسل میں فکرِ اقبال، خود اعتمادی، ادبی ذوق اور مثبت مسابقت کا جذبہ بیدار کرنا ہے، منتظمین

چوآسیدن شاہ (خاور شہزاد) آل پاکستان نجی تعلیمی اداروں کی انجمن (اے پی پی ایس ایم اے) تحصیل چوآسیدن شاہ کے زیر اہتمام اقبال کالج آف سائنس اینڈ کامرس میں کلام اقبال، اردو تقریری اور خاکہ نگاری کے مقابلوں کی پروقار تقریب منعقد ہوئی، جس میں تحصیل بھر کے نجی تعلیمی اداروں سے تعلق رکھنے والے طلبہ و طالبات نے بھرپور شرکت کرتے ہوئے اپنی ادبی، فکری اور تخلیقی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔ تقریب کی مہمانِ خصوصی رکنِ صوبائی اسمبلی محترمہ مہوش سلطانہ تھیں، جبکہ انجمن کے ضلعی صدر علی مختار اعوان اور (بقیہ نمبر 5)



آل پاکستان نجی تعلیمی اداروں کی انجمن (اے پی پی ایس ایم اے) تحصیل چوآسیدن شاہ کے زیر اہتمام اقبال کالج آف سائنس اینڈ کامرس میں کلام اقبال، اردو تقریری اور خاکہ نگاری کے مقابلوں کی تقریب میں پوزیشن ہولڈرز میں انعامات کئے جا رہے ہیں

ABC عوام کی بے ساختہ للکار روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

آن لائن فراڈ

نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی نے آن لائن انویسٹمنٹ کے نام پر دو ارب روپے کا بڑا مالی فراڈ بے نقاب کیا ہے۔ یہ گروہ فرضی خریداری اور سرمایہ کاری کے نام پر لوگوں کا پیسہ ہتھیاتا' شروع میں کچھ منافع دکھاتا اور پھر سب کچھ لے کر رفو چکر ہو جاتا۔ یہ واقعہ اس بات کا بین ثبوت ہے کہ ملک میں ڈیجیٹل فراڈ کا دھندہ کس حد تک سرایت کر چکا ہے۔ اس وقت پاکستان میں رپورٹ ہونے والے سائبر کرائم کے تقریباً 60 فیصد جرائم مالیاتی فراڈ سے متعلق ہیں۔ آئی ایم ایف اور ورلڈ بینک کی ایک مشترکہ رپورٹ کے مطابق مالیاتی سائبر فراڈ کی وجہ سے پاکستانی معیشت کو جی ڈی پی کے تقریباً 2.5 فیصد کے برابر نقصان پہنچ رہا ہے۔ یہ رقم آج کے حساب سے تین ہزار ارب سے زائد بنتی ہے۔

یہ شرح واضح کرتی ہے کہ پاکستان میں ڈیجیٹل سکیورٹی اور پرائیویسی کے حوالے سے اب بھی بڑا خلا موجود ہے' جس کا یہ فراڈیے فائدہ اٹھاتے ہیں۔ ڈیجیٹل ناخواندگی کے علاوہ کم وقت میں زیادہ منافع کمانے کی حرص بھی ایسے گروہوں کا کام آسان کر دیتی ہے جو جعلی ایپس اور سوشل میڈیا کے ذریعے شہریوں کی جمع پونجی لوٹ رہے ہیں۔ وقت کا تقاضا ہے کہ اس چیلنج سے نمٹنے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر حکمت عملی وضع کی جائے۔ ڈیجیٹل ادائیگیوں کے نظام کو مزید محفوظ بنانے کے ساتھ عوامی سطح پر آگاہی کی بھی اشد ضرورت ہے۔

پاکستان کا افغانستان کو انتباہ

تحریر۔۔۔رشید صافی

پاکستان نے دہشت گردی کی حمایت بند نہ کرنے کی صورت میں افغانستان کو سخت نتائج کی تنبیہ کی ہے۔ حالات بتا رہے ہیں کہ پاکستان کا ردعمل شاید اس بار ماضی سے کافی مختلف ہو اس لیے افغان قیادت کو چاہیے کہ وہ پاکستان کے اس انتباہ کو سنجیدگی سے لے۔ جب پاکستان افغان سرزمین کے دہشت گردی میں استعمال کے حوالے سے ٹھوس شواہد پیش کر رہا ہے تو انکار کی مزید گنجائش نہیں رہتی۔ نہ ہی آج کے ٹیکنالوجی کے دور میں شواہد کو یکسر جھٹلایا جا سکتا ہے۔ اقوام متحدہ' امریکہ' یورپی یونین کے علاوہ مسلم ممالک بھی پاکستان کے مؤقف کی تائید کر رہے ہیں۔ ایسا ممکن ہی نہیں کہ اکثریتی ممالک جو مؤقف پیش کر رہے ہیں وہ درست نہیں اور افغانستان کا جو مؤقف ہے وہ درست ہو۔ عالمی برادری زمینی حقائق کو پرکھ کر ہی کسی کی حمایت یا مخالفت کا فیصلہ کرتی ہے۔ پاکستان افغانستان کو آج جن سنگین نتائج سے متنبہ کر رہا ہے' دونوں ممالک کے تعلقات اس سطح پر آنے میں افغانستان کی طالبان قیادت کا اہم کردار ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ افغانستان سے اگست 2021ء میں امریکی افواج کا انخلا ہوا تو عمومی تاثر یہ تھا کہ خطے میں اب امن قائم ہوگا۔ بالخصوص پاکستان کے اکثریتی حلقے اس لیے بھی خوش تھے کہ افغانستان کے ساتھ ہمارے دیرینہ مراسم ہیں۔ مشترکہ ثقافت' مذہبی ہم آہنگی اور سرحدیں مشترک ہونے کے علاوہ ایک اہم نکتہ یہ تھا کہ افغانستان کا کافی حد تک معاشی انحصار پاکستان پر تھا۔ سو خیال تھا کہ افغان طالبان کبھی بھی کوئی ایسا قدم نہیں اٹھائیں گے جس سے دونوں ملکوں کے تعلقات کشیدہ ہوں۔ ان عوامل کے علاوہ سوویت یونین کے خلاف جنگ میں افغانستان کی حمایت کا عالمی سطح پر جو ماحول بنا تھا' ہم اس کا بھی حصہ تھے اس لیے سیاسی اور عسکری حلقے طالبان کے دوبارہ اقتدار میں آنے کو پاکستان کیلئے اہم تبدیلی کے طور پر دیکھ رہے تھے مگر ابھی طالبان کو اقتدار میں آئے ایک سال کا عرصہ بھی نہیں گزرا تھا کہ افغان سرزمین سے پاکستان میں دہشت گردی کی کارروائیاں ہونے لگیں۔ ابتدا میں ان کارروائیوں کو معمولی سمجھا گیا اور پاکستان نے وہی راستہ اختیار کیا جو ایک پڑوسی ملک دوسرے پڑوسی ملک کیلئے نرم گوشہ رکھتے ہوئے اختیار کرتا ہے مگر افغان قیادت کی طرف سے مسلسل پاکستان کے مؤقف کو نظرانداز کیا جاتا رہا۔ پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف مشترکہ لائحہ عمل تشکیل دینے سمیت ہر وہ قابلِ قدر راستہ اختیار کیا جس سے ہمسائیگی خراب نہ ہوتی ہو۔ حکومتی اور سفارتی سطح پر جب بات چیت کامیاب نہ ہوئی تو اُن علما کرام پر مشتمل اعلیٰ وفد کو افغانستان بھیجا گیا جنہیں طالبان اپنے استاذ کہتے ہیں۔ مگر امارت اسلامیہ اور اسلامی نظام کی دعویدار حکومت نے علما کرام کی بات بھی تسلیم نہیں کیا۔

افغان مہاجرین جن کی دہائیوں سے پاکستان میزبانی کر رہا تھا' انہیں مرحلہ وار واپس بھیجنے کا عمل شروع کیا گیا' مہاجرین کی واپسی کا فیصلہ یقیناً پاکستان کیلئے آسان نہ تھا مگر قومی سلامتی کیلئے یہ مشکل فیصلہ کرنا پڑا تاکہ افغان قیادت ہوش کے ناخن لے۔ لڑکھڑاتی معیشت کے ساتھ لاکھوں مہاجرین کی وطن واپسی افغان طالبان کیلئے نیا امتحان ثابت ہوئی۔ انہوں نے یہ مشکل تو جیسے تیسے برداشت کی تاہم شدت پسند عناصر کو تحفظ فراہم کرنے سے پیچھے نہیں ہٹے۔ اسی طرح افغانستان کی اقتصادی شہ رگ سمجھی جانے والی دو اہم تجارتی گزرگاہوں؛ طورخم اور چمن بارڈ کو بند کر دیا گیا۔ آج ان تجارتی گزرگاہوں کو بند ہوئے ایک سال سے زائد عرصہ بیت چکا ہے۔ اس دوران بلاشبہ دونوں اطراف کی تاجر برادری کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا ہے مگر اس ضمن میں پاکستان کا مؤقف بجا ہے کہ تجارت کے لیے قومی سلامتی پر کوئی سمجھوتا نہیں کیا جا سکتا۔ افغان قیادت اس کے باوجود اپنی سرزمین پر موجود شدت پسند عناصر کو تحفظ دینا ترک نہ کیا۔ جب تمام روایتی حربوں کے بعد بھی افغان قیادت نے دہشت گرد عناصر کی پشت پناہی اور سرپرستی ختم نہیں کی اور افغان سرزمین سے پاکستان میں دہشت گردی کی کارروائیاں متواتر جاری رہیں تو پاکستان نے انتہائی مصدقہ اطلاعات پر افغانستان میں موجود شدت پسند عناصر کے ٹھکانوں کو نشانہ بنایا۔ چونکہ افغان قیادت بھی بخوبی جانتی تھی کہ جن لوگوں کو نشانہ بنایا گیا ہے وہ پاکستان میں دہشت گردی کی کارروائیوں میں ملوث تھے' اس لیے افغان طالبان نے روایتی مذمت سے آگے کچھ نہیں کہا۔

آج ایک بار پھر پاکستان افغان قیادت کو متنبہ کر رہا ہے تو افغانستان کو سمجھنے کی ضرورت ہے۔ پچھلے کچھ عرصے کے دوران افغانستان سے متصل پاکستان کے صوبہ خیبر پختونخوا میں سیاسی سطح پر بہت کچھ تبدیل ہو چکا ہے۔ اس میں کوئی دو رائے نہیں کہ پی ٹی آئی طالبان کیلئے نرم گوشہ رکھتی ہے۔ افغانستان میں رجیم چینج کے بعد کالعدم ٹی ٹی پی کو پاکستان میں بسانے کی بات ہو یا دہشت گردوں کے خلاف وفاقی سطح پر حکمت عملی' ہر موقع پر پی ٹی آئی نے ایسا مؤقف اختیار کیا کہ جس سے اس کا سیاسی بیانیہ متاثر نہ ہو۔ پی ٹی آئی نے طالبان کے حوالے سے جو پالیسی اختیار کی اس سے کیا حاصل ہوا' یہ الگ بحث ہے؛ تاہم طالبان کو یہ بات بخوبی سمجھ لینی چاہیے کہ اگر ماضی میں پی ٹی آئی کی صورت ان کیلئے خیبر پختونخوا میں سیاسی سطح پر کوئی نرم رویہ پایا بھی جاتا تھا تو وہ اب انہیں میسر نہیں رہا۔ اب وفاقی سطح پر جو پالیسی تشکیل پائے گی' صوبے میں بھی اسی پر عمل درآمد ہوگا۔ خیبر پختونخوا میں شدت پسند عناصر کے خلاف آپریشن جاری ہے' سکیورٹی فورسز روزانہ کی بنیاد پر دہشت گردوں کو نشانہ بنا رہی ہیں۔ ترجمان پاک فوج لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے دراصل افغانستان کو یہ پیغام دیا ہے کہ جب پاکستان میں شدت پسندوں کیلئے جگہ تنگ ہوگی تو وہ افغانستان کا رخ کریں گے اور پاکستان کی افواج کو اگر ضرورت پڑی تو ان کا پیچھا کرتے ہوئے افغانستان کے اندر بھی کارروائی سے گریز نہیں کیا جائے گا۔ کابل انتظامیہ کو چاہیے کہ پاکستان کی تنبیہ کو سنجیدگی سے لے' بالخصوص ایسے موقع پر جب ایک صوبے کی حکومت کو دہشت گردی کی قومی پالیسی سے اختلاف کی بنیاد پر ختم کیا جا چکا ہے۔ ایسے موقع پر جب بھارت پاکستان میں دہشت گردی کا سب سے بڑا سپانسر ہو' اور افغان طالبان رجیم بھارت کی پراکسی کے طور پر کام کر رہا ہو۔ ایسے موقع پر جب عالمی برادری پاکستان کے مؤقف کی حمایت کر رہی ہے اور امریکہ نے افغانستان کے ساتھ مذاکرات میں سہولت کاری کی پیشکش کر کے اور افغان سرزمین سے جنم لینے والی دہشت گردی کے خلاف پاکستان کے مؤقف کی توثیق کر کے اپنا تعاون ظاہر کیا ہے۔ امریکی وزیر خارجہ نے جی 20 کے وزرائے خارجہ اجلاس میں کہا کہ ہم نہیں چاہتے کہ پاکستان دہشت گردی کا نشانہ بنے۔ امریکی وزیر خارجہ کے بیان سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ امریکہ افغان طالبان پر زور دینے میں پاکستان کا ساتھ دے رہا ہے تاکہ ٹی ٹی پی' بی ایل اے اور دیگر کالعدم دہشت گرد گروہوں کے خلاف ٹھوس کارروائی ممکن بنائی جا سکے۔ اس پس منظر کے بعد کہا جا سکتا ہے کہ اب بال افغان قیادت کے کورٹ میں ہے وہ پاکستان کے انتباہ کو کس نگاہ سے دیکھتی ہے۔ اگر ماضی کی روش قائم رہی تو پاکستان کو شدت پسند عناصر کے خلاف کارروائی کا جواز حاصل ہو جائے گا' بھلے وہ افغانستان کے اندر ہی کیوں نہ کرنی پڑے۔

پہاڑی چوٹی اور کانچ کا چبوترہ

سعود عثمانی

پہاڑی جنگلوں میں رات کی آسیبی دلکش اور پُر ہیبت ہوتی ہے۔ ان دونوں کے ساتھ تیز دریا' تند ہوا اور گرتی بارش کا شور بھی شامل کر لیں۔ میں رات کا کھانا کھا کر کمرے میں واپس آ چکا تھا۔ نیند آنکھوں سے دور تھی اور ایک اجنبی جگہ پر ایک اجنبی کے سینے پر پاؤں دھرتی رات قدم قدم اور لحہ لحہ گزر رہی تھی۔ کھلے دریچے سے آتی خنک ہوا اچھی لگ رہی تھی۔ نیند ابھی کہیں دور تھی لیکن اچھی اور پُرسکون نیند اس لیے بھی ضروری تھی کہ اگلی صبح اس علاقے میں گھومنے پھرنے کیلئے میرا تازہ دم ہونا لازمی تھا۔

ترکی کے کوجا ایلی (Kocaeli) صوبے کے ضلع کرتے پے (Kartepe) میں الاباہ لک وادی کا یہ گاؤں ساماتلی پہاڑ کے دامن اور ڈھلوانوں پر بسی ہوئی ایک چھوٹی سی بستی ہے۔ ساپانجا جھیل اور معشوقیے شہر 20 کلومیٹر نیچے میدان میں ہیں۔ دریا' گھنے پہاڑی جنگلات' ندیاں' 20 سے زائد چھوٹی آبشاروں اور پھلدار درختوں کی بہتات نے اس بستی کو غیر معمولی قدرتی خوبصورتی عطا کر رکھی ہے۔ بڑے شہروں سے دور خالص ہوا اور خوشگوار موسم اس حسن میں اضافہ کرتے ہیں۔ استنبول سے قریب' یعنی تین گھنٹے کی مسافت پر ہونا بھی سیاحوں کیلئے کشش کی ایک بڑی وجہ ہے۔ تاریخی طور پر یہ کاکیشین مہاجروں کا بسایا ہوا گاؤں تھا جو مراد بے کی قیادت میں 1864ء میں آباد ہوا۔ پہاڑی بستی ہونے کی وجہ سے یہاں سردی بھی بہت ہوتی ہے اور برف بھی کافی پڑتی ہے۔ سردیوں میں درجہ حرارت صفر سے نیچے جبکہ گرمیوں میں عام طور پر 15 سے 20 ڈگری سینٹی گریڈ رہتا ہے۔ ترک حکومت نے اسے پُرکشش سیاحتی مقام بنانے کیلئے کافی اقدامات کیے ہیں۔ یہاں زپ لائن بنائی گئی ہے' قریب ہی ایک جنگلی حیات کا پارک بنایا گیا ہے۔ ٹرامپولین (Trampoline) اور دیگر کھیلوں کا انتظام بھی ہے اور قریبی پہاڑوں پر 40 منٹ کا ایک ٹور بھی ہوتا ہے۔ پہاڑی چوٹی پر شیشے کا ایک ٹیرس بھی بنایا گیا ہے۔ ہائیکنگ وغیرہ کا انتظام ہے اور ایڈونچر پسند سیاحوں کیلئے کئی دلچسپیاں موجود ہیں۔ لیکن ان سبھی کا تعلق گرمیوں سے ہے۔ برفانی موسم میں یہ بستی برف اوڑھ کر چھ ماہ کی نیند سو جاتی ہے۔ سب معلومات کے بعد میں فیصلہ کر چکا تھا کہ مجھے اگلے دن کہاں جانا ہے۔

اگلی صبح سورج کی کھلکھلاتی کرنیں دریچے سے اندر داخل ہوئیں۔ کئی دن کی بارشوں کے بعد ایک شفاف اور جگمگاتی صبح دیکھنا اچھا لگ رہا تھا۔ میں تیار ہو کر ناشتے کیلئے ہال میں آیا جہاں روایتی ترک ناشتہ میرا منتظر تھا۔ برصغیر میں ناشتے میں کھیرے' ککڑی' ٹماٹر' لیموں' سلاد وغیرہ کا تصور ہی نہیں لیکن روایتی ترک ناشتے کے یہ اہم جزو ہیں۔ سبز اور سیاہ زیتون' مکھن' پنیر' شہد' ڈبل روٹی' آپ کی پسند کے مطابق آملیٹ' ابلے ہوئے یا تلے ہوئے انڈے بھی ساتھ ہوتے ہیں۔ جس چیز نے میری توجہ اپنی طرف کھینچ لی وہ ترک چائے کا میز پر سجا ہوا بندوبست تھا۔ میں نے اس کے بارے میں پہلے بھی سنا تھا لیکن دیکھنے کا یہ پہلا موقع تھا۔ میز پر چائے کا یہ سیٹ چاندی کے رنگ کے تین حصوں پر مشتمل تھا۔ نیچے ایک خوبصورت انگیٹھی' جس میں آگ جلتی تھی لیکن انگارے باہر نہیں آ سکتے تھے۔ اس کے اوپر اسی سائز کا ایک جگ جس میں پانی ابل رہا تھا اور اس کے اوپر عنابی ترک چائے کی کیتلی جس میں گرم چائے لبالب بھری تھی۔ انگیٹھی اور ابلتا پانی مل کر چائے مسلسل گرم رکھتے ہیں۔ آپ کیتلی اٹھائیں اور شیشے کے فنجان میں چائے انڈیل کر کیتلی دوبارہ ابلتے پانی پر رکھ دیں۔ جتنی بار چاہیے' چائے گرم ہی ملے گی۔ میں نے حسنِ ذوق کو داد دی۔ کیسا اچھا' عملی اور آسان طریقہ تھا۔ کیا یہ ہمارے ہاں نہیں اپنایا جا سکتا؟ شاید کبھی کسی کو اس کا خیال آئے اور اس کا چلن برصغیر میں بھی ہو جائے۔ ایک گھنٹے کے بعد میں مقامی ڈرائیور کے ساتھ سرسبز درختوں سے ڈھکے پہاڑی راستے پر اُس پہاڑی چوٹی کی طرف جا رہا تھا جہاں شیشے کا ٹیرس ہے اور جس کی خوبصورت تصویریں میں پہلے دیکھ چکا تھا۔ ایک پہاڑی لومڑی دائیں طرف کی جھاڑیوں سے نمودار ہوئی' ایک لحہ ٹھٹک کر رکی اور پھر تیزی سے سڑک پار کرتی ہوئی دوسری طرف چلی گئی۔ اس علاقے میں کالا ریچھ' بھیڑیے' گیدڑ اور لومڑیوں سمیت بہت سی جنگلی حیات موجود ہیں اور سردیوں میں یہ جانور نیچے اترتے ہوئے شہروں اور بستیوں تک آ جاتے ہیں۔

پہاڑی چڑھائی ہو یا اترائی' میرے لیے گاڑی کا سفر ہمیشہ صبر آزما ہوتا ہے۔ بچپن سے میرا مسئلہ ہے کہ پہاڑی چکراتے راستوں پر سر چکرانے لگتا ہے اور متلی کی کیفیت شروع ہو جاتی ہے۔ اگر پیٹ بھرا ہو تو مسئلہ دُگنا ہو جاتا ہے۔ عجیب بات یہ ہے کہ میں خود ڈرائیو کر رہا ہوں تو یہ کیفیت بہت کم ہوتی ہے یا نہیں ہوتی۔ گلاس ٹیرس قریب 20 منٹ کے فاصلے پر تھا۔ ہم وہاں پہنچے اور یہ میرے تصور سے الگ جگہ نکلی۔ ایک کھلی پارکنگ میں گاڑی کھڑی کر کے ہم سیڑھیاں چڑھے۔ ٹکٹ خریدا اور پندرہ بیس سیڑھیاں مزید چڑھ کر ایک راستے پر آ گئے جہاں دائیں بائیں دکانیں تھیں۔ ان صاف ستھری خوبصورت دکانوں میں چائے' برگر' کھانا' کافی' سووینیئرز سب موجود تھے۔ ایک طرف واش رومز تھے۔ اس راستے سے اوپر پھر سیڑھیاں تھیں۔ میں اوپر پہنچا' ایک قدم بڑھایا اور میں گلاس ٹیرس پر تھا۔ ایک بہت بڑا ٹیرس' جس کے دو تین لیول اور حصے تھے۔ کئی سیاح پہلے سے موجود تھے۔ ہم پہاڑی چوٹیوں کے برابر بلندی پر تھے۔ چاروں طرف ٹیرس کی ریلنگ کے پار نیچے گہری کھائیوں کے سوا کچھ بھی نہیں تھا۔ جس پہاڑی چوٹی پر ہم تھے وہاں کے تمام درخت بھی نیچے دکھائی دیتے تھے۔ معلوم نہیں یہ ٹیرس اس بلندی پر کس طرح بنایا گیا تھا۔ بظاہر مصنوعی سہاروں کے ذریعے کانچ کا یہ چبوترہ ہوا میں معلق تھا۔ اور پر آسمان' سامنے جنگلوں سے ڈھکی پہاڑی چوٹیاں' نیچے حدِ نظر تک صرف خلا۔ اس ٹیرس کا فرش مضبوط شیشے کا تھا۔ سورج نے اپنی ترچھی کرنوں سے پورا منظر جگمگا رکھا تھا۔ ہم ہوا میں معلق اس چبوترے پر تصویریں بناتے' کافی پیتے' چلتے پھرتے رہے۔ یہ لمحے کمیاب تھے اور جلد ختم ہونے والے بھی۔ کوشش تھی کہ اس وقت کو آنکھوں کے ذریعے دل میں اتار کر ہمیشہ کیلئے محفوظ کر لیں۔ ہمارے نیچے بھی بادل تھے اور سامنے پہاڑوں کی گھاٹیوں سے بھی بادل اٹھتے نظر آتے تھے۔ ابھی گیارہ بجے کا وقت تھا لیکن کبھی کبھی یہ بادل سورج کے چہرے پر نقاب ڈال کر شام کا ملگجا رنگ اور جھٹپٹا منظر پیدا کر دیتے تھے۔ دھوپ چھاؤں کا یہ کھیل جاری تھا۔ پہاڑوں اور وادیوں میں پرچھائیاں ایک دوسرے کے پیچھے بھاگتیں اور کبھی کھیل یکدم ختم ہو جاتا۔ چاروں طرف پہاڑ' لیکن ایک سمت میں ایک درہ تھا جس کے پار میدان میں دور نیچے' شہر اور اس کے قریب ساپانجا جھیل کا نیلا پانی جھلملاتا تھا۔ میں ٹیرس پر اس درے کی طرف چلا گیا۔ درے کے پار وادی میں دھوپ چمکتی تھی اور گھروں کی سرخ چھتیں روشن تھیں۔ یہ اس گلاس ٹیرس کا سب سے خوبصورت منظر تھا جسے کوئی وڈیو' کوئی تصویر قید نہیں کر سکتی تھی۔ میں نے دور نیلی جھیل اور اس کے قریب شہر کو دیکھا۔ ساپانجا! میں تیرے اور تیری وادیوں کے حسن کی تلاش میں یہاں آیا ہوا ہوں۔ میں لاہور میں رہ کر تیرے خواب دیکھتا تھا اور اب تیرے پاس ہوں تو مجھے لاہور ایک خواب کی طرح یاد آ رہا ہے۔ انسانی فطرت کو نہ کسی راستے پر قرار' نہ کسی مقام پر سکون ہوتا ہے۔ مجھے دو دن بعد ان پہاڑوں سے اترنا ہے' تیرے پہلو میں پہنچنا ہے اور پھر وہاں سے استنبول۔ گلاس ٹیرس سے نہ استنبول نظر آ رہا ہے نہ ہزاروں میل دور فاصلے پر میرا گھر۔ یہ سب فاصلے اور وقت کی دھند کے پار کہیں چھپے ہوئے ہیں۔ مجھے اسی دھند کی دیوار چیر کر لاہور پہنچنا ہے۔ پتا نہیں اب زندگی کبھی دوبارہ یہ منظر دیکھنے کی مہلت دے گی یا نہیں۔ معشوقیے! تو بہت حسین' بہت خوبصورت ہے! لیکن میری زندگی میں کچھ جگہیں تجھ سے بھی زیادہ حسین ہیں۔ تجھے ان کے نام بتاؤں؟ میرا لاہور اور میرا گھر۔

SHOWBIZ شوبز

شادی ختم کرنے کا فیصلہ کبھی بھی آسان نہیں ہوتا

خاندان اور معاشرہ مطلقہ خواتین کو شرمندہ کرنے کی بجائے ساتھ دیں، زویا ناصر



لاہور (این این آئی) اداکارہ زویا ناصر نے طلاق سے گزرنے والی خواتین کی حمایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ازدواجی رشتہ ختم کرنے کا فیصلہ گہرے جذباتی کرب کا باعث بنتا ہے، اس لئے خاندان اور معاشرے کو خواتین کو شرمندہ کرنے کے بجائے ان کا ساتھ دینا چاہئے۔ ایک انٹرویو میں طلاق کے موضوع پر گفتگو کے دوران زویا ناصر نے کہا کہ شادی ختم کرنے کا فیصلہ کبھی بھی آسان نہیں ہوتا۔ انہوں نے طلاق کو اپنی ذات کا ایک حصہ کھو دینے کے مترادف قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس تجربے سے سنبھلنا بھی اتنا ہی مشکل ہو سکتا ہے، خواتین اتنا بڑا فیصلہ کسی معمولی وجہ سے نہیں کرتیں۔ بلکہ بعض اوقات انہیں مشکل حالات سے گزرنے کے بعد اس نتیجے پر پہنچنا پڑتا ہے، اس تناظر میں خاندانوں کو خواتین کے فیصلوں پر تنقید کرنے کے بجائے ان کی حمایت کرنی چاہئے۔

مہنگائی نے نوجوانوں کا گھر اور گاڑی خریدنے کا خواب مشکل بنا دیا، پریشے عدنان

لاہور (سی ایم لنکس) معروف فیشن ڈیزائنر پریشے عدنان نے کہا ہے کہ نوجوان نسل کو مالی طور پر غیر ذمہ دار قرار دینا درست نہیں کیونکہ مہنگائی اور کم آمدنی نے ان کے لیے گھر اور گاڑی خریدنا مشکل بنا دیا ہے۔ معروف فیشن ڈیزائنر عامر عدنان کی صاحبزادی پریشے عدنان نے ایک پوڈکاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ان کے والد کے دور میں چند ماہ کی آمدنی سے گھر کی پیشگی ادائیگی جبکہ ایک سال کی کمائی سے گاڑی خریدنا ممکن تھا لیکن آج نوجوانوں کی 60 سے 80 ہزار روپے ماہانہ آمدنی میں یہ خواب پورا کرنا مشکل ہے۔ انہوں نے کہا کہ کئی ادارے کم از کم اجرت کے قوانین پر بھی عمل نہیں کرتے اس لیے نوجوانوں کا کرائے کے گھروں میں رہنا جائیداد خریدنے میں عدم دلچسپی نہیں بلکہ مالی مجبوری ہے۔ پریشے عدنان کے مطابق ملینیئل نسل مسلسل کام کرنے کے دباؤ میں رہتی ہے جبکہ جین زی نے زندگی اور کام میں توازن کی اہمیت کو سمجھ لیا ہے۔ انہوں نے پاکستان میں بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ خوراک، رہائش، پانی، گیس اور بجلی جیسے مسائل لوگوں میں ذہنی دباؤ اور بے چینی بڑھا رہے ہیں،

رجنی کانت کی نئی فلم ''جیلر ٹو'' نے نیا ریکارڈ اپنے نام کر لیا

200 کروڑ روپے کا ہندسہ عبور کرنا رجنی کانت کے لیے خاص اہمیت رکھتا ہے



حیدر آباد (این این آئی) بھارتی سپر اسٹار رجنی کانت کی نئی تامل فلم جیلر 2 نے ریلیز کے 17 ویں روز باکس آفس پر ایک اور بڑا سنگ میل عبور کر لیا۔ نلسن دلیپ کمار کی ہدایت کاری میں بننے والی فلم جیلر 2 نے رجنی کانت کی آبائی ریاست تامل ناڈو میں 200 کروڑ روپے کا گراس کلیکشن حاصل کر لیا ہے، جو اداکار کے طویل فلمی کیریئر میں ایک منفرد اعزاز ہے۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق جیلر 2 نے ہفتے کے روز بھارت بھر میں 7 ہزار 486 شوز سے تقریباً 6.09 کروڑ روپے کا نیٹ بزنس کیا۔ جس میں تامل ورژن نے 3 ہزار 533 شوز سے 4.46 کروڑ روپے کمائے۔ ہندی ورژن نے 3,236 شوز سے تقریباً 99 لاکھ روپے، جبکہ تیلگو ورژن نے 717 شوز سے 64 لاکھ روپے کا نیٹ کلیکشن کیا۔ 17 ویں روز کی کمائی کے بعد فلم کا بھارت میں مجموعی نیٹ کلیکشن 441.49 کروڑ روپے تک پہنچ گیا، جبکہ انڈیا گراس کلیکشن تقریباً 516.64 کروڑ روپے ریکارڈ کیا گیا ہے۔ فلم نے پہلے آٹھ دنوں میں 334.35 کروڑ روپے کا بزنس کیا تھا، جس کے بعد دوسرے ہفتے میں مزید 95.55 کروڑ روپے اس کے کھاتے میں آئے۔ فلم کی روزانہ کمائی میں بھی معمولی بہتری دیکھی گئی۔ 16 ویں روز جیلر 2 نے تقریباً 5.50 کروڑ روپے کمائے تھے، جس کے مقابلے میں 17 ویں روز کلیکشن بڑھ کر 6.09 کروڑ روپے ہو گیا۔ دستیاب اعداد و شمار کے مطابق 16 ویں روز تک جیلر 2 نے بھارت اور بیرون ملک کی کمائی ملا کر تقریباً 776.95 کروڑ روپے کا عالمی گراس بزنس کر لیا تھا۔ ریاست تامل ناڈو میں 200 کروڑ روپے کا ہندسہ عبور کرنا رجنی کانت کے لیے خاص اہمیت رکھتا ہے۔ اداکار کی متعدد فلمیں ملکی اور عالمی سطح پر کامیاب رہی ہیں، تاہم اس سے قبل ان کی کوئی فلم تامل ناڈو میں 200 کروڑ روپے کے گراس کلیکشن تک نہیں پہنچ سکی تھی۔

اداکارہ ندا چوہدری کی گاڑی پر فائرنگ، اداکارہ معجزانہ طور پر محفوظ

جہال پل کے قریب موٹر سائیکل سواروں نے گاڑی کو نشانہ بنایا، مقدمہ درج



خالق نگر (این این آئی) معروف اسٹیج اداکارہ ندا چوہدری کی گاڑی پر قاتلانہ حملے کا سنسنی خیز واقعہ پیش آیا ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق دو نامعلوم موٹر سائیکل سوار ملزمان نے جہال پل کے قریب ندا چوہدری کی گاڑی پر اندھا دھند فائرنگ کر دی اور موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ فائرنگ کے اس ہولناک واقعے میں اسٹیج اداکارہ ندا چوہدری خوش قسمتی سے بالکل محفوظ رہیں، تاہم گولی لگنے سے ان کی گاڑی کا ٹائر پھٹ گیا اور گاڑی کو جزوی نقصان پہنچا۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ یہ واقعہ 30 اکتوبر کی رات تقریباً ایک بج کر 45 منٹ پر پیش آیا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی اور شواہد اکٹھے کیے۔ تھانہ پیپلز کالونی میں نامعلوم ملزمان کے خلاف اقدام قتل سمیت دیگر سنگین دفعات کے تحت مقدمہ نمبر 1284/26 درج کر لیا گیا ہے۔ پولیس نے واقعے کی مختلف پہلوؤں سے تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے اور ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔

مزاحیہ اداکار سکندر صنم کی 14 ویں برسی 5 نومبر کو منائی جائیگی

لاہور (این این آئی) ماضی کی نامور مزاحیہ اداکار سکندر صنم کی 14 ویں برسی 5 نومبر کو منائی جائے گی۔ سکندر صنم کا اصل نام محمد سکندر تھا اور انہوں نے اپنی منفرد مزاحیہ اداکاری، برجستہ جملوں اور نقل اتارنے کی صلاحیت کے باعث شوبز میں نمایاں مقام حاصل کیا۔ انہوں نے اسٹیج ڈراموں سے اپنے فنی سفر کا آغاز کیا اور عمر شریف سمیت نامور فنکاروں کے ساتھ بھی کام کیا۔ انہیں بھارتی فلموں کی مزاحیہ پیروڈی پیش کرنے سے خصوصی شہرت ملی، خصوصاً فلم تیرے نام کی پیروڈی نے انہیں ملک بھر میں مقبولیت دلائی۔ ان کی کامیڈی میں بے ساختہ انداز، منفرد کردار نگاری اور حاضرین کو محظوظ کرنے کی بھرپور صلاحیت نمایاں تھی۔ سکندر صنم نے اسٹیج کے ساتھ ٹیلی ویژن اور ویڈیو فلموں میں بھی اپنی صلاحیتوں کے جوہر دکھائے۔ سکندر صنم 5 نومبر 2012 کو کراچی میں جگر کے کینسر کے باعث انتقال کر گئے تھے۔

اقرا عزیز نے پہلی بار نومولود بیٹی صوفیہ حسین کا چہرہ مداحوں کو دکھا دیا

اداکارہ نے انسٹاگرام پر اپنے دونوں بچوں، کبیر حسین اور صوفیہ حسین کا دلکش فوٹوشوٹ شیئر کیا



کراچی (سی ایم لنکس) پاکستان کی معروف اداکارہ اقرا عزیز نے پہلی بار نومولود بیٹی صوفیہ حسین کا چہرہ مداحوں کو دکھا دیا۔ اداکارہ نے انسٹاگرام پر اپنے دونوں بچوں، کبیر حسین اور صوفیہ حسین کا دلکش فوٹوشوٹ شیئر کیا، جسے سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے خوب سراہا جا رہا ہے۔ اقرا عزیز اور یاسر حسین رواں برس جنوری میں دوسری بار والدین بنے تھے، اداکارہ نے 27 جنوری کو انسٹاگرام پر اپنی بیٹی کی پیدائش کی خوشخبری دیتے ہوئے بتایا تھا کہ 24 جنوری کو اللہ تعالیٰ نے انہیں بیٹی کی نعمت سے نوازا ہے۔ اقرا عزیز، جو سنو چندا، رانجھا رانجھا کردی، خاموشی، جھوٹی اور دیگر مقبول ڈراموں میں اپنی شاندار اداکاری کے باعث شہرت رکھتی ہیں۔

مومنہ اقبال کے شوہر حمزہ نے سوشل میڈیا پر سخت پیغام جاری کر دیا

لاہور (سی ایم لنکس) پاکستانی اداکارہ مومنہ اقبال کے شوہر حمزہ نے ایک بار پھر سوشل میڈیا پر ایک سخت پیغام جاری کر دیا۔ حمزہ نے انسٹاگرام اسٹوری میں ایک نامعلوم شخص کو مخاطب کرتے ہوئے اسے اپنی 'آخری اسٹوری' قرار دیا اور مذکورہ شخص کو 'ڈسکو کوٹ والے انکل' کہہ کر مخاطب کیا۔ انہوں نے تنازع پر سخت الزامات عائد کرتے ہوئے مذکورہ شخص کو مبینہ طور پر بے ایمان قرار دیا اور اپنے غصے کا اظہار کیا۔ حمزہ نے کہا کہ انسان کے اعمال بالآخر اس کے کردار اور ظاہری شخصیت سے ظاہر ہو جاتے ہیں، انہوں نے مبینہ طور پر کاسمیٹک انجیکشنز کے استعمال پر بھی طنز کیا اور کہا کہ کوئی بھی کاسمیٹک طریقہ کار غلط اعمال کے نتائج کو ختم نہیں کر سکتا۔

SPORTS سپورٹس

سعید اجمل و شعیب ملک کی غلطی بھارتی کھلاڑیوں نے دہرادی

دبئی (این این آئی) ہانگ کانگ سکسز 2026 میں بھارتی کھلاڑی راہول تریپاٹھی اور کلونت کھجرولیا کی ایک دلچسپ فیلڈنگ کی غلطی نے 2008 کے پاکستانی کرکٹرز کے یادگار واقعے کی یاد دلا دی۔ تفصیلات کے مطابق 31 اکتوبر کو بھارت اور انگلینڈ کے درمیان کھیلے گئے ہانگ کانگ سکسز کے سیمی فائنل میچ میں انگلینڈ کے ایڈ برنارڈ نے راہول تریپاٹھی کی گیند پر ایک اونچا شاٹ کھیلا جس پر بھارتی کھلاڑی راہول تریپاٹھی اور کلونت کھجرولیا کیچ لینے کے لیے آگے بڑھے، تاہم دونوں ایک دوسرے کا انتظار کرتے رہے اور گیند ان کے درمیان زمین پر گر گئی، اب بھارتی کھلاڑیوں کی اس غلطی کی ویڈیو سوشل میڈیا پر تیزی سے وائرل ہو رہی ہے اور صارفین نے بھارتی کھلاڑیوں کی اس غلطی کو پاکستانی کرکٹرز کی ایک دلچسپ اور یادگار غلطی سے جوڑنا شروع کر دیا ہے۔ واضح رہے کہ یہ منظر دیکھنے میں بالکل ویسا ہی تھا جیسا 2008 میں شائقین کرکٹ کو پاکستان اور ویسٹ انڈیز کے ایک میچ میں دیکھنے کو ملا تھا، اس وقت سعید اجمل اور شعیب ملک ایک آسان کیچ پکڑنے میں ناکام ہو گئے تھے۔ واقعہ کو کرکٹ کی تاریخ میں فیلڈنگ کی دلچسپ اور یادگار غلطیوں میں شمار کیا جاتا ہے۔

ایڈیلیڈ اسٹرائیکرز میں شمولیت کیلئے پرجوش ہوں، حارث رؤف

لاہور (این این آئی) پاکستان کے فاسٹ بولر حارث رؤف نے کہا ہے کہ میں ایڈیلیڈ اسٹرائیکرز میں شمولیت کے لیے پرجوش ہوں۔ ایک بیان میں حارث رؤف نے کہا کہ ایڈیلیڈ اوول دنیا کا ایک بہترین وینیو ہے اور میں وہاں ہمیشہ لطف اندوز ہوا ہوں۔ دوسری جانب ایڈیلیڈ اسٹرائیکرز کے کوچ ٹم پین نے بتایا کہ حارث رف ایک میچ ونر ہیں جنہوں نے انٹرنیشنل سطح پر پرفارم کیا ہوا ہے۔ یاد رہے کہ فاسٹ بولر حارث رؤف کا بگ بیش لیگ کے لیے ایڈیلیڈ اسٹرائیکرز سے معاہدہ ہو گیا ہے۔ حارث رؤف نے بی بی ایل کے 5 سیزنز میں میلبرن اسٹارز کی نمائندگی کی جبکہ وہ اب پہلی مرتبہ ایڈیلیڈ اسٹرائیکرز کی جانب سے کھیلیں گے۔



ر پریمئر سپر لیگ ایڈیشن 10 کے راؤنڈ میچ میں بہترین کارکردگی پر ان چیج کے کھلاڑی بلال علی مین آف دی میچ کا انعام وصول کر رہا ہے۔ (فوٹو این این آئی)

ٹیم کی کامیابی میں کردار ادا کرنے پر خوش ہوں، سعد بیگ

اپنی خامیوں پر قابو پا کر پاکستان کے لیے تسلسل سے رنز بنانا چاہتا ہوں

لاہور (این این آئی) قومی ٹیم کے مایہ ناز کھلاڑی سعد بیگ نے کہا ہے کہ ٹیم کی کامیابی میں کردار ادا کرنے پر خوش ہوں۔ پی سی بی کے پوڈکاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے سعد بیگ نے کہا کہ قومی ٹیم کے لیے بڑی اننگز کھیلنا اور مستقل کارکردگی دکھانا چاہتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ڈومیسٹک کرکٹ کا اعتماد انٹرنیشنل کرکٹ میں بھی برقرار رکھنے کی کوشش کی۔ انہوں نے کہا کہ میری کوشش تھی کہ ہر صورتحال میں اپنی صلاحیتوں پر بھروسہ کروں۔ انہوں نے کہا کہ ٹیم کی کامیابی میں کردار ادا کرنے پر خوش ہوں، انڈر 13 سے انڈر 19 اور پھر قومی ٹیم تک پہنچنا خوش آئند ہے۔ انہوں نے کہا کہ انڈر 19 ورلڈ کپ میں پاکستان کی قیادت کرنا یادگار تجربہ رہا۔ سعد بیگ نے کہا کہ یہ صرف آغاز ہے، اپنے کھیل میں مزید بہتری لانا چاہتا ہوں۔ سعد بیگ نے کہا کہ اپنی خامیوں پر قابو پا کر پاکستان کے لیے تسلسل سے رنز بنانا چاہتا ہوں۔

تین ملکی ون ڈے سیریز جیتنے پر پاکستان کی رینکنگ میں بہتری

ون ڈے ٹیم رینکنگ میں انڈیا پہلے، نیوزی لینڈ دوسرے اور جنوبی افریقا تیسرے نمبر پر ہے

لاہور (این این آئی) تین ملکی ون ڈے سیریز جیتنے پر پاکستان کی رینکنگ میں بہتری آ گئی۔ آئی سی سی کے مطابق پاکستانی ٹیم ون ڈے کی عالمی رینکنگ میں چوتھے نمبر پر آ گئی۔ ون ڈے ٹیم رینکنگ میں انڈیا پہلے، نیوزی لینڈ دوسرے اور جنوبی افریقا تیسرے نمبر پر ہے۔ جنوبی افریقہ اور پاکستان کے ریٹنگ پوائنٹس ایک سو چار ہو گئے ہیں، پانچویں نمبر پر آسٹریلیا، چھٹے پر افغانستان اور سری لنکا ساتویں پوزیشن پر براجمان ہے۔ آئی سی سی ون ڈے رینکنگ میں انگلینڈ آٹھویں، بنگلہ دیش نویں اور ویسٹ انڈیز دسویں پوزیشن پر موجود ہے۔



پلیئر آف دی سیریز کا اعزاز ملنا اعتماد میں اضافے کا باعث بنا ہے، عرفات منہاس

کراچی (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے آل راؤنڈر عرفات منہاس نے شاندار کارکردگی کا سہرا مثبت سوچ اور مسلسل محنت کو قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ پلیئر آف دی سیریز کا اعزاز ملنا اعتماد میں اضافے کا باعث بنا ہے۔ آل راؤنڈر عرفات منہاس نے ایک انٹرویو میں کہا کہ تین ملکی ون ڈے انٹرنیشنل سیریز میں پلیئر آف دی سیریز کا اعزاز حاصل کرنا اعتماد میں اضافے کا باعث بنا ہے، کامیابی ہو یا ناکامی محنت اور ٹریننگ کا معمول یکساں رکھتا ہوں۔ عرفات منہاس نے کہا کہ ہر میچ میں پاکستان کے لیے بہترین کارکردگی دکھانا میری ترجیح ہے، فائنل میں جلد وکٹیں گرنے کے بعد حسن نواز کے ساتھ شراکت قائم کرنے پر توجہ تھی، ہماری کوشش میچ کو آخری اوورز تک لے جانے کی تھی۔ انہوں نے کہا کہ حسن نواز اور میں ایک دوسرے کی صلاحیتوں سے اچھی طرح واقف تھے، گیند تبدیل ہونے کے بعد بیٹنگ میں آسانی ہوئی، ایک بڑے اوور نے میچ کا رخ ہمارے حق میں موڑ دیا، بڑے کراؤڈ کے سامنے کھیلنے سے اضافی حوصلہ ملتا ہے۔ عرفات منہاس نے کہا کہ دباؤ میں اعصاب پر قابو رکھنا اور درست فیصلے کرنا اہم ہوتا ہے، مختلف فارمیٹس میں کامیابی کے لیے ذہنی تیاری بہت ضروری ہے، فارمیٹ کوئی بھی ہو محنت اور نظم و ضبط کا معمول یکساں رہتا ہے۔ واضح رہے کہ عرفات منہاس نے تین ملکی ون ڈے انٹرنیشنل سیریز کے پانچ میچوں میں 149 رنز بنائے اور 9 وکٹیں حاصل کیں۔

ABC عوام کی بے ساختہ للکار روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

اندراج تاریخ پیدائش
اندراج تاریخ وفات
اطلاع گمشدگی
تبدیلی نام
درستگی نام
اعلان لاتعلقی
عاق نامہ
اطلاع گمشدگی

تحصیلدار وراثتی اشتہار، تعلیمی بورڈ کے تمام اشتہارات اور خبروں کیلئے ادارہ کے واٹس ایپ نمبر پر دن 2:00 بجے سے رات 8:00 بجے تک رابطہ کر سکتے ہیں۔

Whatsapp: 0312-7786354
www.awamilalkaar.com

بقیہ 1

256افراد کو پانی کی فراہمی سے مستفید کیا جا چکا ہے، جبکہ اس دوران 23لاکھ 24ہزار 954 کی مجموعی مقدار میں پانی تقسیم کیا گیا۔ منصوبے کے تحت مجموعی گھریلو آبادی 2لاکھ 21ہزار 835 ریکارڈ کی گئی ہے۔ مینجنگ ڈائریکٹر واسا مری کی براہ راست نگرانی میں فیلڈ ٹیمیں مختلف شہری و دیہی علاقوں میں پانی کی فراہمی کے عمل کو مؤثر انداز میں جاری رکھے ہوئے ہیں۔ منصوبے کا بنیادی مقصد عوام کو ان کی دہلیز پر مفت صاف پانی فراہم کرنا اور بالخصوص دیہی علاقوں میں پانی کی ضروریات پوری کرنا ہے۔ واسا مری حکام کے مطابق یہ منصوبہ عوامی خدمت اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے حکومتی وژن کا اہم حصہ ہے، جس کے ذریعے شہریوں کو پینے کے صاف پانی کی سہولت فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ واسا مری کا عزم ہے کہ صاف پانی کی فراہمی کا یہ سلسلہ جاری رکھتے ہوئے عوام کو ان کی دہلیز پر بنیادی سہولت فراہم کی جاتی رہے۔

بقیہ 2

کے سامنے پہنچ گئیں جہاں انہوں نے احتجاجی مظاہرہ کرتے ہوئے اعلیٰ پولیس حکام سے فوری نوٹس لینے کی اپیل کی احتجاج کے موقع پر لاپتا نوجوان ہوشو گولو کی والدہ مسمات منشی گولو نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ ان کا بیٹا گزشتہ آٹھ روز سے پراسرار طور پر لاپتا ہے، جس کے بعد سے پورا خاندان شدید کرب اور بے چینی میں مبتلا ہے انہوں نے کہا کہ بیٹے کی گمشدگی نے اہل خانہ کو سخت پریشانی میں ڈال دیا ہے اور گھر میں ہر طرف غم و تشویش کی کیفیت پائی جاتی ہے۔ والدہ کے مطابق بیٹے کی تلاش اور بازیابی کے لیے متعلقہ پولیس سے مدد کی امید رکھی گئی تاہم ان کے بقول تا حال کوئی مؤثر پیش رفت سامنے نہیں آ سکی مسمات منشی گولو کا کہنا تھا کہ ایک ماں کے لیے اپنے جوان بیٹے کی جدائی اور اس کے بارے میں کسی قسم کی اطلاع نہ ملنا ناقابل برداشت تکلیف ہے۔ وہ گزشتہ کئی روز سے اپنے بیٹے کی واپسی کی منتظر ہیں، لیکن تا حال انہیں یہ معلوم نہیں ہو سکا کہ ان کا بیٹا کہاں اور کس حال میں ہے۔ انہوں نے حکام سے اپیل کی کہ ان کے خاندان کی بے بسی اور پریشانی کو محسوس کرتے ہوئے نوجوان کی تلاش کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں احتجاج کرنے والی خواتین نے قرآن پاک اٹھا کر پولیس کے اعلیٰ حکام سے اپیل کی کہ ان کے بیٹے اور بھائی کی گمشدگی کے معاملے کو سنجیدگی سے لیا جائے اور اس کی تلاش کے لیے خصوصی اقدامات کیے جائیں۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ وہ شدید پریشانی کے عالم میں ایس ایس پی آفس کے باہر احتجاج کرنے پر مجبور ہوئے ہیں، کیونکہ انہیں اپنے پیارے کی بحفاظت واپسی کی امید پولیس اور ضلعی انتظامیہ سے وابستہ ہے، مظاہرین نے ایس ایس پی کشمور سے پُر زور مطالبہ کیا کہ نوجوان ہوشو گولو کی گمشدگی کا فوری نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ پولیس افسران کو اس کی تلاش کا ٹاسک دیا جائے، گمشدگی کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیا جائے اور نوجوان کو جلد از جلد بحفاظت بازیاب کرا کے اس کے اہل خانہ کے حوالے کیا جائے واضح رہے کہ نوجوان کی آٹھ روز سے گمشدگی نے اہل خانہ کو شدید اضطراب میں مبتلا کر رکھا ہے جبکہ اس کی والدہ اور دیگر رشتہ دار اپنے پیارے کی بحفاظت واپسی کے منتظر ہیں۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ پولیس کے اعلیٰ حکام اس معاملے کا کب نوٹس لیتے ہیں اور لاپتا نوجوان کی بازیابی کے لیے کیا عملی اقدامات کیے جاتے ہیں۔

بقیہ 3

لیے جاری اقدامات، ترقیاتی منصوبوں اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے پیش رفت کا جائزہ لیا گیا اجلاس میں منتخب عوامی نمائندگان، ایم این اے سردار علی جان خان مزاری، ایم پی اے سردار میر غلام عابد خان سندرانی، ایم پی اے حاجی عبدالرؤف خان کھوسو، وائس چیئرمین الطاف خان کھوسو، ایس ایس پی کشمور محمد مراد گھانگھرو اور تعلیم، صحت، آبپاشی، ہائی ویز، بلڈنگز، لوکل گورنمنٹ، پبلک ہیلتھ، لائیو اسٹاک، زراعت سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی اس موقع پر کچے کے علاقوں میں تعلیم، صحت، بنیادی انفراسٹرکچر، زرعی ترقی اور دیگر ضروری سہولیات کی فراہمی سے متعلق امور زیر بحث آئے۔ اجلاس میں متعلقہ محکموں کی جانب سے اپنے اپنے شعبوں میں ہونے والی پیش رفت سے بھی آگاہ کیا گیا کمشنر لاڑکانہ ڈویژن نے کچے کے علاقوں کی پسماندگی دور کرنے اور وہاں کے عوام کا معیار زندگی بہتر بنانے کے لیے تمام متعلقہ محکموں کو باہمی رابطے اور مؤثر حکمت عملی کے تحت کام کرنے کی ضرورت پر زور دیا اجلاس میں اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ ضلع کشمور کے کچے کے علاقوں میں سماجی و معاشی ترقی کے عمل کو مزید مؤثر بنایا جائے گا تاکہ وہاں کے عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کر کے انہیں ترقی کے قومی دھارے میں شامل کیا جا سکے بعد ازاں کمشنر لاڑکانہ ڈویژن رشید احمد مسعود، ڈی آئی جی پولیس لاڑکانہ اور ڈپٹی کمشنر کشمور ایٹ کندھ کوٹ نے کچے کے علاقے کا دورہ کیا، جہاں زیر تعمیر اسکول کا معائنہ کیا اور تعمیراتی کام کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر متعلقہ حکام سے منصوبے کی پیش رفت اور تعلیمی سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے بھی معلومات حاصل کی گئیں۔ زیر تعمیر کندھکوٹ گھوٹکی پل کے کام کا بھی جائزہ لیا۔

بقیہ 4

ریفائنریوں کا منافع عوام کو منتقل کیا گیا۔ منگل کو یہاں وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ وزیراعظم نے پورے بحران کے دوران عوامی مفادات کو ترجیح دی اور اس بات کو یقینی بنایا کہ عوام پر کسی قسم کا اضافی بوجھ نہ پڑے۔ پہلے مرحلے میں 133ارب روپے کی سبسڈی فراہم کی گئی جس کے ذریعے پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ روکنے اور ایندھن کی فراہمی یقینی بنانے کے اقدامات کیے گئے۔ اب ٹارگٹڈ سبسڈی کے تحت فیول ریلیف سکیم جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کی سوچ اور وژن کے مطابق ٹارگٹڈ سبسڈی فراہم کی جا رہی ہے اور اس امر کو یقینی بنایا جا رہا ہے کہ فیول ریلیف سکیم سے محروم اور مستحق طبقات مستفید ہوں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ تاریخ میں پہلی مرتبہ آئل ریفائنریوں کا منافع عوام کو منتقل کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ایل پی جی سیکٹر کے حوالے سے فیصلہ کیا گیا ہے کہ مسابقت کو فروغ دیا جائے، چند افراد کی اجارہ داری اور طویل عرصے سے رائج صوابدیدی کوٹہ سسٹم ختم کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے جرات مندانہ فیصلے کیے۔ انہوں نے کہا کہ ایل پی جی سیکٹر میں مسابقت کو فروغ دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ریفائنریوں سے منافع واپس لے کر عوام کو منتقل کیا گیا، ایسا ملک کی تاریخ میں پہلے کبھی نہیں ہوا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ دنیا بھر میں تیل کی قیمتوں میں اضافہ ہوا اور توانائی کا بحران پیدا ہوا تاہم پاکستان میں وزیراعظم نے میکرو اکنامک استحکام برقرار رکھنے کے ساتھ ساتھ عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے متعدد اقدامات کیے۔ ان اقدامات میں وزیراعظم کی عوام کے لیے فکر، احساس اور ریلیف فراہم کرنے کا عزم نمایاں ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ایل پی جی سیکٹر میں مسابقت کا فروغ ایک تاریخی اقدام ہے، اس سے قبل کسی حکومت نے چند افراد کی اجارہ داری ختم کر کے میرٹ پر مبنی نظام متعارف کرانے کی کوشش نہیں کی۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف نے مشکل ترین حالات میں بھی عوام کو تنہا نہیں چھوڑا، اسٹرکچرل ریفارمز کیں اور نظام میں شفافیت لانے کے لیے اقدامات کیے۔ اوگرا نے اپنی ویب سائٹ پر تمام تفصیلات شائع کرنا شروع کر دی ہیں جو ملکی تاریخ میں پہلی مرتبہ ہو رہا ہے۔ عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ شوگر سیکٹر نے پہلی مرتبہ ٹیکس کی مد میں 60ارب روپے کا اضافی ریونیو جمع کرایا۔ انہوں نے کہا کہ اضافی اقدامات کے ذریعے عوام پر بوجھ کم کیا جا رہا ہے اور منافع کمانے والے اور ٹیکس ادا کرنے کی استطاعت رکھنے والے شعبوں سے کہا جا رہا ہے کہ وہ اپنی ذمہ داری کا احساس کرتے ہوئے ٹیکس جمع کرائیں اور حب الوطنی کا مظاہرہ کریں۔ یہ اقدامات مجموعی طور پر اصلاحات کا حصہ ہیں۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ وزیراعظم نے سردیوں میں گیس کی فراہمی کے حوالے سے حکمت عملی مرتب کرنے اور تمام وزراء کو ریلیف کے عمل کو آگے بڑھانے کی ہدایت کی ہے جس پر عمل جاری ہے۔ ایک سوال کے جواب میں وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ پٹرولیم لیوی کے معاملے پر وزیراعظم نے خصوصی کاوشیں کیں اور مشکل ترین حالات میں عارضی طور پر اس میں کمی بھی کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں ٹیکس وصولی کا ایک نظام موجود ہے تاہم جہاں ریلیف کی گنجائش موجود ہے، وہاں خصوصی کوششیں کر کے وزیراعظم عوام کو ریلیف فراہم کر رہے ہیں۔ ایک اور سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کے ساتھ مذاکرات میں متعلقہ معاملات زیر بحث آئے ہیں، جماعت اسلامی سے کہا ہے کہ وہ اپنی تجاویز اور ممکنہ حل پیش کریں اور تکنیکی بنیادوں پر رہنمائی فراہم کریں، جہاں عوام کو ریلیف فراہم کرنے کی گنجائش ہوگی، وہاں ضرور اقدامات کیے جائیں گے تاہم اس حوالے سے پہلے ہی کافی کام جاری ہے۔ ایک اور سوال کے جواب میں وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ گلگت بلتستان وفاقی حکومت کے لیے انتہائی اہمیت رکھتا ہے اور وزیراعظم نے اس حوالے سے جائزہ اجلاس بھی منعقد کیا۔ انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان میں سہولیات کی فراہمی کے لیے 100 میگاواٹ کے پاور پراجیکٹ اور سولر پینلز کی فراہمی سمیت متعدد اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ اس پاور پراجیکٹ کی فنڈنگ بھی وفاقی حکومت کر رہی ہے جس پر اربوں روپے خرچ کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جگلوٹ سکردو روڈ پر کام جاری ہے اور مختلف کوریڈورز تعمیر کیے جا رہے ہیں جبکہ گلگت بلتستان کے مختلف علاقوں میں دانش سکولز قائم کیے جا رہے ہیں۔ گلگت بلتستان وفاقی حکومت کی خصوصی توجہ کا مرکز ہے اور وہاں پیش آنے والے واقعے کی بھرپور تحقیقات جاری ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ گلگت بلتستان کے عوام کو انتہائی اہمیت دی جاتی ہے اور ان کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا۔ اصلاحات کے حوالے سے کوئی پیش رفت سامنے آئی تو اس سے بھی آگاہ کیا جائے گا۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ اٹارنی جنرل کو خصوصی ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ نئے نظام کے نفاذ سے متاثر ہونے والے زیر التوا مقدمات کی مؤثر پیروی یقینی بنائی جائے تاکہ عوام کو ریلیف کی فراہمی میں کوئی قانونی رکاوٹ حائل نہ ہو۔

بقیہ 5

جنرل سیکرٹری سعادت علی اعوان نے بھی خصوصی شرکت کی۔ مقابلوں کے انعقاد اور شرکاء کے لیے بہترین انتظامات انجمن کے تحصیل صدر محمد یوسف اور جنرل سیکرٹری محمد حارث منیر نے اقبال کالج آف سائنس اینڈ کامرس کی انتظامیہ کے اشتراک سے کیے۔ تقریب میں طلبہ نے شاعر مشرق علامہ محمد اقبالؒ کے کلام اور افکار سے اپنی وابستگی کا اظہار کیا، اردو تقریری مقابلوں میں خطابت اور اظہار خیال کی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا، جبکہ خاکہ نگاری کے مقابلوں میں اپنے فنی اور تخلیقی رجحانات اجاگر کیے۔ مختلف مقابلوں میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ و طالبات میں اسناد تقسیم کر کے ان کی حوصلہ افزائی کی گئی۔ منتظمین کے مطابق ان سرگرمیوں کا بنیادی مقصد نئی نسل میں خودی، خودداری، فکری بالیدگی، ادبی ذوق، خود اعتمادی اور صحت مند مسابقت کے جذبے کو فروغ دینے کے ساتھ فکرِ اقبال کو نوجوان نسل تک مؤثر انداز میں پہنچانا ہے۔ اس تقریب کو نجی تعلیمی اداروں کے مابین باہمی تعاون، تعلیمی ہم آہنگی اور ہم نصابی سرگرمیوں کے فروغ کی جانب ایک مثبت پیش رفت قرار دیا گیا۔ انجمن کی تحصیل قیادت نے مستقبل میں بھی طلبہ و طالبات کی تعلیمی، ادبی اور تخلیقی صلاحیتوں کو نکھارنے کے لیے ایسی تعمیری سرگرمیاں جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ 6

19 کروڑ 69لاکھ 70ہزار روپے کے 2,590وظائف تقسیم کیے گئے۔ ان میں سے 2,085وظائف سرکاری جامعات کے طلبہ کے لیے مختص ہیں، جن کی مالیت 17 کروڑ 2لاکھ 10ہزار روپے ہے۔ اسی طرح 314وظائف میڈیکل جامعات و کالجز کے طلبہ کو دیئے گئے، جن کی مالیت 1 کروڑ 98لاکھ ہے۔ 191 وظائف ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ (HED) کے کالجز کے طلبہ میں 69لاکھ 60ہزار روپے دیئے گئے۔ لیپ ٹاپ اور ہونہار سکالرشپ پروگرام میں سرکاری و نجی شعبے کی یونیورسٹیوں، وفاقی چارٹرڈ یونیورسٹیوں، بی ایس کالجز، خصوصی تعلیم کے اداروں اور میڈیکل و ڈینٹل کالجز شامل ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ہونہار طلبہ کیلئے لیپ ٹاپ کی تعداد 40,000 سے بڑھا کر 112,000 کر دی ہے۔ مختلف اضلاع میں سے 48,292لیپ ٹاپس طلبہ و طالبات میں تقسیم کیے جا چکے ہیں۔

بقیہ 7

45ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔ ماحولیاتی قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے اینٹوں کے بھٹوں کے خلاف بھی کارروائیاں کی گئیں۔ گزشتہ 24 گھنٹوں میں 477 بھٹوں کی انسپکشن، 4 بھٹے مسمار، 5 سیل اور 8 کے خلاف مقدمات درج کیے گئے جبکہ 11لاکھ 50ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔ غیر معیاری پلاسٹک کے خلاف کارروائیوں کے دوران 182 مقامات کی چیکنگ کی گئی، 1377 کلوگرام پلاسٹک ضبط، 4 مقامات سیل اور 75ہزار روپے جرمانہ کیا گیا۔ کمرشل کچنز اور باربی کیو پوائنٹس سے دھوئیں کے اخراج کی روک تھام کے لیے بھی اقدامات جاری ہیں۔ 120 مقامات کی چیکنگ کے دوران 68مقامات پر سکشن ہڈز نصب کروائے گئے جبکہ 9 مقامات کو سیل کیا گیا۔ سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کسانوں کو فصلوں کی باقیات جلانے سے گریز، شہریوں کو گاڑیوں کی فٹنس یقینی بنانے اور غیر ضروری طور پر گاڑیوں کے استعمال میں کمی لانے کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ 8

ہیں۔ میڈیا سے گفتگو میں خواجہ آصف نے کہا کہ مولانا فضل الرحمٰن کو 200 فیصد دوست سمجھتا ہوں، ہم دونوں ایک دوسرے کے دوست ہیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمٰن سے تعلق بہت پرانا ہے، سیاست کسی سے تعلق بگاڑتی نہیں ہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا تھا کہ خواجہ آصف محترم دوست اور بھائی ہیں، میں نے صرف تھوڑی گدگدی کی تھی، خواجہ آصف کو اگلے دن غصہ آیا، دیر سے یاد آنے والا مکا خود کو مارنا چاہیے۔

بقیہ 9

کرانے کے قانونی تقاضے پورے کرنے میں ناکام رہی ہے، سیاسی جماعت نے مقررہ توسیعی مدت 15اکتوبر 2026 تک انٹرا پارٹی انتخابات نہیں کرائے۔ الیکشن کمیشن نے کہا کہ سیاسی جماعتوں کے عہدیداران کا باقاعدگی سے انتخاب کرانا قانونی تقاضہ ہے، الیکشن ایکٹ 2017 کے تحت انٹرا پارٹی انتخابات کرانا لازمی ہے، انٹرا پارٹی انتخابات کے بعد 7روز میں انتخابی سرٹیفکیٹ جمع کرانا ضروری ہے، الیکشن کمیشن نے ایم کیو ایم کو شوکاز کا جواب دینے کے لیے 14روز کی مہلت دی ہے اور جواب نہ ملنے پر قانون کے مطابق مزید کارروائی کی جائے گی۔ الیکشن کمیشن کی جانب سے کہا گیا کہ پارٹی انتخابات نہ کرانے پر ایم کیو ایم انتخابی نشان حاصل کرنے کی اہلیت سے محروم ہو سکتی ہے اور آئندہ انتخابات کے لیے ایم کیو ایم پاکستان کا انتخابی نشان روکا بھی جا سکتا ہے۔

بقیہ 10

بتایا کہ عالمی مالیاتی ادارے نے اکتوبر میں 129 ارب روپے اور 4ماہ کے دوران 96ارب روپے کے ٹیکس شارٹ فال پر تشویش ظاہر کی ہے۔ آئی ایم ایف نے 15ہزار 264ارب روپے کا سالانہ ٹیکس وصولی کا ہدف پورا کرنے پر زور دیا ہے، جبکہ موجودہ ٹیکس محاصل کو ناکافی قرار دیتے ہوئے ٹیکس ٹو جی ڈی پی کی شرح بڑھانے کا مطالبہ کیا ہے۔ ایف بی آر ذرائع کے مطابق اگر ٹیکس شارٹ فال میں مزید اضافہ ہوا تو عوام پر نئے ٹیکس عائد کرنے یا سرکاری اخراجات میں کٹوتی کا آپشن زیر غور آ سکتا ہے۔ اگلے اقتصادی جائزوں میں ٹیکس وصولی سے متعلق شرائط مزید سخت ہونے کا امکان ہے، جبکہ اہداف پورے نہ ہونے کی صورت میں ہنگامی ٹیکس اقدامات پر بات چیت ہوگی۔ ذرائع کے مطابق وفاقی اور صوبائی سطح پر جنرل سیلز ٹیکس کی مد میں محاصل بڑھانا ضروری قرار دیا گیا ہے۔ آئی ایم ایف اگلے مالی سال کے لیے ریونیو سے متعلق شرائط مزید سخت کر سکتا ہے، جبکہ نئے بجٹ سے پہلے ریٹیل، ہول سیل اور زرعی شعبے سے ٹیکس وصولی میں پیشرفت کی تجویز دی گئی ہے۔ آئی ایم ایف نے پروفیشنلز سمیت ٹیکس نیٹ سے باہر تمام شعبوں کو ٹیکس دائرے میں لانے پر بھی زور دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق 7ارب ڈالر کے قرض پروگرام کے تحت طے شدہ شرائط پوری کرنا لازمی ہے۔

بقیہ 11

ملزم کو ذاتی ضمانت پر رہا کروانے کے بہانے تفتیشی افسر سے رابطہ کیا، ملزم نے تفتیشی افسر کو 10ہزار روپے رشوت دینے کی کوشش کی، تفتیشی افسر نے فوری طور پر ملزم کو گرفتار کر لیا۔ انچارج انویسٹی گیشن نے کہا کہ ملزم نے دوران تفتیش مختلف تھانوں میں اپنے کام کروانے کے لیے پولیس افسر بن کر فون کالز کرنے کا اعتراف کیا ہے، ملزم خود ہی سٹاف افسر بن کر کال کرتا تھا اور پھر خود ہی تھانہ چلا جاتا، ملزم اپنے واٹس ایپ کی ڈی پی پر مختلف پولیس افسران کی تصاویر لگاتا تھا۔

بقیہ 12

کرنے کی تجویز سامنے آ گئی ہے جس میں این سی سی آئی اے، اسٹیٹ بینک، نادرا، پی ٹی اے اور دیگر متعلقہ ادارے شامل ہوں گے۔ حکام کے مطابق مجوزہ سیل کے قیام سے آن لائن مالی فراڈ کے مقدمات کی تحقیقات اور مختلف اداروں کے درمیان رابطہ کاری میں آسانی ہوگی، جبکہ فراڈ میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائی کو بھی مؤثر بنایا جا سکے گا۔ مجوزہ منصوبے کے تحت نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی ڈیجیٹل فرانزکس، ایف آئی آر کے اندراج اور پراسیکیوشن سے متعلق امور دیکھے گی۔ اسٹیٹ بینک مالیاتی معاملات میں معاونت فراہم کرنے کے ساتھ ڈیبٹ بلاکنگ پروٹوکولز پر عمل درآمد میں مدد کرے گا، تاکہ مالی فراڈ کی صورت میں مشتبہ لین دین اور رقوم کی منتقلی روکنے کے اقدامات کیے جا سکیں۔ اسی طرح پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی فراڈ میں استعمال ہونے والی جعلی سمز اور مشتبہ یو آر ایل بلاک کرنے میں معاونت کرے گی۔ نادرا مشتبہ افراد کی شناخت اور فراڈ سے متعلق شناختی کارڈز کی نشاندہی میں مدد فراہم کرے گا، جبکہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان غیر قانونی سرمایہ کاری کے پلیٹ فارمز کی شناخت کے لیے معاونت کرے گی۔ حکام کے مطابق مختلف اداروں کو ایک مربوط نظام کے تحت اکٹھا کرنے کا مقصد آن لائن مالی فراڈ کے واقعات پر فوری ردعمل، شواہد کے تبادلے اور ملزمان کے خلاف قانونی کارروائی کو آسان بنانا ہے۔

بقیہ 13

زائد افراد رجسٹر ہو چکے ہیں، اسکیم کے تحت ایک لاکھ 28 ہزار 718 گھر مکمل کیے جا چکے ہیں۔ بریفنگ کے مطابق ایک لاکھ 71ہزار 597 افراد کو اپنی چھت، اپنا گھر کے تحت قرضے کی دوسری قسط بھی مل گئی ہے جب کہ اپنی چھت، اپنا گھر اسکیم کے تحت 62ہزار 600 گھر تیزی سے تکمیل کی جانب گامزن ہیں۔ اجلاس میں مزید بتایا گیا کہ 22.29 ارب روپے کے قرضوں کی اقساط وصول ہو گئی ہیں، درخواست دہندگان کو ایک ارب 21 کروڑ 60لاکھ کا قرضہ مل گئے۔

بقیہ 14

گئی، تفصیلات کے مطابق نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی اسلام آباد سرکل نے اہم کارروائی کرتے ہوئے واٹس ایپ ہیکنگ اور آن لائن فراڈ میں ملوث ملزم محمد سلطان ولد محمد یوسف سکنہ پینسرہ فیصل آباد کو فیصل آباد سے گرفتار کر لیا، ملزم کو 2 نومبر 2026 کو حراست میں لیا گیا، ملزم نے واردات کے لیے نیا طریقہ اختیار کیا اور خود کو کوریئر سروس کا نمائندہ ظاہر کر کے مدعی سے رابطہ کیا اور جعلی لنک / کوڈ کے ذریعے اس کا واٹس ایپ اکاؤنٹ ہیک کر لیا، واٹس ایپ ہیک کرنے کے بعد ملزم نے مدعی کے جاننے والوں کو میسج کر کے اور دیگر ہتھکنڈے استعمال کر کے مدعی کو 13لاکھ روپے کا بھاری مالی نقصان پہنچایا، شکایت موصول ہونے پر سائبر کرائم رپورٹنگ سینٹر اسلام آباد میں مقدمہ پیکا ایکٹ کے تحت درج کیا گیا، ملزم کے خلاف تکنیکی شواہد اکٹھے کر کے ٹریس کیا گیا اور پھر چھاپہ مار کر گرفتار کیا گیا، ملزم سے جرم میں استعمال ہونے والا موبائل فون اور دیگر ڈیجیٹل شواہد تحویل میں لے لیے گئے ہیں، اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل این سی سی آئی اے سید علی ناصر رضوی کا یہ کہنا تھا کہ واٹس ایپ ہیکنگ، آن لائن فراڈ اور شہریوں کو مالی نقصان پہنچانے والے عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری ہیں، شہری کسی بھی سائبر جرم کی اطلاع 1799 پر دیں یا قریبی سرکل میں رپورٹ کریں

بقیہ 15

دورہ کیا اور وطن عزیز کے دفاع اور سلامتی کیلئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہدا کو خراج عقیدت پیش کیا۔ پاکستان گرلز گائیڈز ایسوسی ایشن، اسلام آباد چیپٹر کے زیر اہتمام اس دورے کا مقصد شہدا کی عظیم قربانیوں کو یاد کرنا اور معرکہ حق میں حاصل ہونے والی کامیابی کو خراج تحسین پیش کرنا تھا۔ اس موقع پر 500 گرلز گائیڈز کی شرکت نے قومی یکجہتی، حب الوطنی اور وطن سے محبت کے جذبات کی بھرپور عکاسی کی۔ محترمہ فرح ناز اکبر نے اس اقدام کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ نوجوان نسل، بالخصوص بچیوں میں حب الوطنی، قومی شعور اور احساسِ ذمہ داری کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ شہدا کی لازوال قربانیاں آنے والی نسلوں کیلئے مشعلِ راہ ہیں اور ہمیں ملک و قوم کی خدمت کیلئے عزم، حوصلے اور لگن کا درس دیتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بچیوں کو بااختیار بنانے، ان میں قائدانہ صلاحیتیں اجاگر کرنے اور قومی و سماجی سرگرمیوں میں ان کی فعال شرکت کو یقینی بنانا ان کی ترجیحات میں شامل ہے۔ ان کی قیادت میں پاکستان گرلز گائیڈز ایسوسی ایشن، اسلام آباد چیپٹر بچیوں کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار، خود اعتمادی اور قیادت کے جوہر نکھارنے کے مواقع فراہم کر رہا ہے۔ یادگار فتح پر 500 گرلز گائیڈز کی اجتماعی شرکت قومی ہیروز سے اظہار عقیدت اور شہدا کی قربانیوں کو یاد رکھنے کے عزم کی علامت تھی۔ اس اقدام نے اس عزم کو بھی اجاگر کیا کہ پاکستان کی بچیاں ملک کے روشن مستقبل، قومی ترقی اور معاشرتی خدمت میں اپنا بھرپور کردار ادا کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔

بقیہ 16

کہ شہباز شریف صبح 6 بجے سے رات 10 بجے تک کام کرتے ہیں اور ہر ہفتے وفاقی کابینہ کا اجلاس منعقد کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم بدعنوانی یا نااہلی کو ہرگز برداشت نہیں کرتے اور نہ ہی نااہل یا بدعنوان افراد کو اپنے قریب رہنے دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر کسی وزیر کی کارکردگی تسلی بخش نہ ہو، تو وہ وزیراعظم کے قریبی حلقے میں شامل رہنے کی توقع نہیں رکھ سکتا۔ ان کا کہنا تھا کہ شہباز شریف کی قابلیت کے پیمانے پر ہم پورا نہیں اتر سکتے، اگر ان کا بس چلے تو کابینہ کے 55 وزیروں میں سے 52 یا 53 فارغ ہوں گے اور 2 یا 3 ہی بچیں گے، میں اکثر کہتا ہوں کہ آئزک نوٹن کے قریب آپ کا آئی کیو ہوگا، فارغ ہونے سے بچنے والوں میں میرا نام بھی ہوگا کیونکہ میرا آئی کیو بھی ان کے قریب قریب ہے۔

بقیہ 17

آثار قدیمہ، تعلیم، تحقیق اور ثقافتی روابط کے فروغ سمیت دو طرفہ تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد میں سری لنکا کے محکمہ آثار قدیمہ کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر ای اے سینارتھ ڈسانائیکے، سابق ڈائریکٹر جنرل محکمہ آثار قدیمہ پروفیسر پی ڈی منڈاوالا، سری لنکا کے 46ویں سالیسٹر جنرل سنز دلروکشی ڈیاس وکرماسنگھے اور بدھ مت کمیونٹی و کاروباری شعبے کی اہم شخصیات شامل تھیں۔ وفد کی قیادت بودھی دھما بدھسٹ ایسوسی ایشن آسٹریلیا کے صدر مسٹر دیپتھا وکرما رتنے کر رہے ہیں۔ وفاقی وزیر اورنگزیب خان کھچی نے وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان گندھارا تہذیب اور بدھ مت کے تاریخی ورثے کا ایک اہم مرکز ہے اور حکومت پاکستان اس عظیم تاریخی و تہذیبی ورثے کو عالمی سطح پر اجاگر کرنے اور بین الاقوامی تعاون کے فروغ کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ سری لنکا اور پاکستان کے درمیان مشترکہ مذہبی، تاریخی اور ثقافتی روابط کو تعلیمی تبادلوں، مشترکہ تحقیق اور ثقافتی سفارت کاری کے ذریعے مزید مستحکم کیا جا سکتا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ایسے وفود کے دورے دونوں ممالک کے عوام کے درمیان روابط بڑھانے اور پاکستان کے مثبت تشخص کو عالمی سطح پر اجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

بقیہ 18

خصوصی شعیب مرزا، ڈپٹی کمشنر علی اعجاز اور لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر بھی موجود تھے۔ ذیشان رفیق اور شعیب مرزا نے مسٹ گنز خود چلا کر اس کے فنکشنز کا جائزہ لیا۔ وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ کے ستھرا پنجاب وژن کے تحت آج سے ''چمکتا لاہور'' مہم کا آغاز کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مریم نواز حکومت کے دوران گزشتہ دو سالوں میں کیے گئے انسداد سموگ اقدامات کے واضح نتائج سامنے آئے۔ آپ خود دیکھ لیں نومبر میں سموگ دو سال پہلے کے مقابلے میں کم ترین سطح پر ہے۔ وزیر بلدیات نے کہا کہ ''چمکتا لاہور'' مہم کی سب سے اہم بات 10 اینٹی سموگ گنز کی فراہمی ہے۔ اینٹی سموگ مسٹ گنز رکشہ ماؤنٹڈ اور کاسٹ افیکٹیو ہیں۔ یہ گنز فضا میں واٹر سپرے کر کے گرد و غبار کو بٹھا دیں گی۔ علاوہ ازیں یہ گنز لاہور کے واشنگ آپریشنز میں بھی بھرپور معاونت کریں گی۔ ذیشان رفیق نے کہا کہ ''چمکتا لاہور'' مہم کا مقصد شاہراہوں اور معروف علاقوں کی مکمل صفائی یقینی بنانا ہے۔ 100 شاہراہوں، مقامات اور کمرشل مارکیٹس کو ابتدائی ہدف بنایا گیا ہے۔ لاہور کی ہفتہ وار 648 جبکہ یومیہ 100 کلومیٹر سڑکوں کی دھلائی کی جائے گی۔ صفائی 16 مکینیکل واشرز جبکہ فٹ پاتھوں کی دھلائی 46 رکشہ واشرز کریں گے۔ انشاءاللہ لاہور مزید صاف ہوگا اور انسداد سموگ میں بھی مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب مریم نواز کی قیادت میں پورے ملک میں لیڈ کر رہا ہوتا ہے۔ سڑکوں کی تعمیر ہو یا صحت اور تعلیم کی بہتری ہر شعبے میں پنجاب حکومت کی کارکردگی نمایاں ہے۔ اس وقت شہروں کی ترقی و خوبصورتی کیلئے کئی منصوبے جاری ہیں۔ شہروں سے یونین کونسل تک ترقیاتی کام ہو رہے ہیں۔ انہی فلاحی منصوبوں کی بدولت وزیراعلیٰ مریم نواز شریف عوام کے دلوں پر راج کر رہی ہیں۔ وزیراعلیٰ کے معاون خصوصی شعیب مرزا نے کہا کہ ستھرا پنجاب کے ورکرز زبردست کام کر رہے ہیں یہ سب ہمارے ہیرو ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ کا یہ اینٹی سموگ ایٹو تمام اضلاع تک لے جائیں گے۔

بقیہ 19

یہ بات کر رہے ہیں تو حکومت کو اس کا جواب دینا پڑے گا، اس سے پہلے بھی تین وزراء اس نوعیت کے بیانات دے چکے ہیں۔ ندیم افضل چن نے کہا کہ یہ عوام کے ٹیکس کا پیسہ ہے، اس لیے جائے کے کپ کے اخراجات کا بھی حساب دینا چاہیے، سرکاری جہاز تو بہت بڑی چیز ہے۔ انہوں نے سالک حسین کی متعدد باتوں کو حقیقت پر مبنی قرار دیتے ہوئے بالخصوص بجٹ کی تقسیم، پسند ناپسند کی بنیاد پر ترقیاتی فنڈز کی فراہمی، صوبائی مالیاتی کمیشن کی عدم موجودگی اور مقامی حکومتوں کے غیر فعال ہونے کی نشاندہی کی۔ کرپشن کے الزامات سمیت ان تمام معاملات پر صوبائی یا وفاقی حکومت کو جواب دینا چاہیے۔ سرکاری جہاز اور شاہانہ اخراجات پر بات کرتے ہوئے ندیم افضل چن نے کہا کہ سرکاری خزانہ عوام کا پیسہ ہے، جو غریبوں کے علاج، تعلیم اور بنیادی ضروریات پر خرچ ہونا چاہیے اس لیے حکمرانوں کو اخراجات کا حساب دینا پڑتا ہے اور نوآبادیاتی طرز حکمرانی تبدیل کرنے کی ضرورت ہے۔ وزراء کے ہاتھ پاؤں باندھنے کے بیان پر انہوں نے کہا کہ اگر کسی کے ہاتھ پاؤں بندھے ہوئے ہیں تو اسے عہدہ چھوڑ دینا چاہیے۔ مراعات لے کر عہدے پر بیٹھے رہنے کا کیا فائدہ؟

بقیہ 20

گیا۔ پولیس کے مطابق ملزمان کی گرفتاری کے لیے علاقے کی ناکا بندی کر دی گئی ہے۔

بقیہ 21

درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم فریم کے اندر قانونی کارروائی کو یقینی بنایا جائے، ایس ایس پی انویسٹی گیشن کی متعلقہ افسران کو ہدایت، شہریوں کے مسائل کے فوری حل میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، ایس ایس پی انویسٹی گیشن سیف اللہ۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی انویسٹی گیشن سیف اللہ کا پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد، ایس ایس پی انویسٹی گیشن نے شہریوں کی شکایات سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے، ایس ایس پی انویسٹی گیشن سیف اللہ نے متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ مارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم فریم کے اندر قانونی کارروائی کو یقینی بنایا جائے، شہریوں کے مسائل کے فوری حل میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، تھانوں میں شہریوں کے لئے بہترین سروس ڈیلیوری کو ہمہ وقت یقینی بنایا جائے گا، وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق شہریوں کی جان و مال کے تحفظ اور ان کو سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے جس کے لیے تمام اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔

بقیہ 22

ملاقات کی اس موقع پر دونوں رہنماؤں نے چیئرمین اوپی ایف سید قمر رضا شاہ کو پھولوں کا خوبصورت گلدستہ پیش کیا اور ان کے لیے نیک تمناؤں اور خیرسگالی کے جذبات کا اظہار کیا۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، ملکی سیاسی صورتحال، عوامی روابط اور سمندر پار پاکستانیوں کے مسائل و فلاح و بہبود سے متعلق معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر راجہ عاصم ظہور اور راجہ طاہر محمود نے چیئرمین او پی ایف سید قمر رضا شاہ کے ساتھ ملاقات کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے باہمی روابط اور مثبت تعلقات کے فروغ کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے اس امر کا اظہار کیا کہ بیرون ملک مقیم پاکستانی ملک کا قیمتی سرمایہ ہیں اور ان کے مسائل کے حل، حقوق کے تحفظ اور فلاح و بہبود کے لیے اجتماعی کاوشیں وقت کی اہم ضرورت ہیں۔ اوورسیز پاکستانی دنیا بھر میں پاکستان کی پہچان اور ملکی معیشت کا اہم حصہ ہیں۔ ان کی خدمات، قربانیاں اور وطن سے وابستگی قابل قدر ہیں۔ ان کے مسائل کو مؤثر انداز میں متعلقہ فورمز تک پہنچانا اور ان کے لیے سہولیات کی فراہمی یقینی بنانا قومی اہمیت کا حامل ہے۔ ملاقات کے دوران باہمی احترام، محبت اور خلوص کے جذبات نمایاں رہے۔ راجہ عاصم ظہور اور راجہ طاہر محمود کی جانب سے گلدستے کا تحفہ پیش کرنا خیرسگالی اور باہمی تعلقات کے فروغ کی ایک خوبصورت روایت کا عکاس تھا۔ ملاقات خوشگوار ماحول میں اختتام پذیر ہوئی اور شرکاء نے باہمی روابط، تعاون اور مثبت انداز میں آگے بڑھنے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ 23

37 لاکھ روپے سے زائد مالیت کے مسروقہ طلائی زیورات برآمد کر لئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ سول لائنز پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے فیملی کی غیر موجودگی میں گھر سے لاکھوں روپے مالیت کے طلائی زیورات کی چوری کا ڈراپ سین کر دیا، گھر میں ملازمت کے لئے آنے والی خاتون ملوث نکلی، سول لائنز پولیس نے ملزمہ کو گرفتار کر کے 37 لاکھ روپے سے زائد مالیت کے مسروقہ طلائی زیورات برآمد کر لیے، ملزمہ چند روز قبل ملازمت حاصل کرنے گھر میں آئی تھی، سول لائنز پولیس نے میکنیکل و ہیومن انٹیلیجنس ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے ملزمہ کو گرفتار کر لیا، ملزمہ کے ساتھی کی گرفتاری کے لیے ریڈ کیے جا رہے ہیں، سی پی او حسن مشتاق سکھیرا کی ہدایات پر ایس پی پوٹھوہار نے برآمد ہونے والے طلائی زیورات مدعی مقدمہ کے حوالے کیے، شہری نے راولپنڈی پولیس کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے افسران کا شکریہ ادا کیا، ایس پی پوٹھوہار چوہدری اثر علی کا کہنا تھا کہ شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے تمام اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ 24

تحقیقات کی جا رہی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق رتہ امرال کے علاقے سے خاتون کی نعش ملنے کا معاملہ، واقعہ کی اطلاع پر ایس پی راول و دیگر سینئر افسران فوری موقعہ پر پہنچے، ابتدائی تحقیقات کے مطابق قتل کے شواہد سامنے نہیں آئے، خاتون کی موت طبعی موت لگتی ہے تاہم تمام زاویوں پر تحقیقات کی جا رہی ہیں، وجہ موت کا حتمی تعین پوسٹ مارٹم رپورٹ کی روشنی میں کیا جا سکے گا، موقعہ پر پی ایف ایس اے ٹیم کو طلب کیا گیا ہے، نعش کا پوسٹ مارٹم کروا کر قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 25

لے کر جاؤں گی۔ طلبہ سے خطاب کرتے ہوئے مریم نواز نے کہا کہ میں چوہدری سالک حسین کو پنجاب حکومت کی کرپشن سے متعلق دعوے پر ہرجانے کا نوٹس بھجواؤں گی۔ انہوں نے کہا کہ چوہدری سالک وفاقی وزیر ہیں، الزام لگانے کے بجائے ثبوت پیش کریں، اگر ان کے پاس ثبوت ہیں تو سامنے لائیں، ورنہ عدالت میں لے کر جاں گی۔ مریم نواز نے کہا کہ جو شخص سفارش پر آتا ہے وہ ملک اور عوام کا بیڑا غرق کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ لیپ ٹاپس اور اسکالرشپس دینے نہیں بلکہ طلبہ کی کامیابیوں کو ایک ماں کی حیثیت سے سراہنے آئی ہوں، یہ طلبہ کی محنت کی کمائی اور ان کا حق ہے، بہت سے بچوں نے وسائل کی کمی اور سیاسی طور پر بھڑکائے جانے کے باوجود محنت کا راستہ نہیں چھوڑا، ماضی کی باتیں نہیں کرنا چاہتی، خرابیوں کی نشاندہی کے بجائے مسائل کے حل کے لیے آئی ہوں، میں اپنی رپورٹ کارڈ لے کر آپ کے پاس آتی ہوں، اسے دیکھیں اور فیصلہ کریں۔ مریم نواز نے کہا کہ یہاں بیٹھے ہر بچے کی اپنی کہانی ہے، جو محنت اور جدوجہد کی کہانی ہے، ماضی میں ایسے بہت سے ضرورت مند اور قابل بچوں کو لیپ ٹاپس اور اسکالرشپس نہیں مل سکیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ وسائل کی کمی کے باعث اب کوئی بچہ تعلیم سے محروم نہیں ہوگا، پنجاب واحد صوبہ ہے جو بچوں کو لیپ ٹاپ، اسکالرشپس اور موٹر بائیکس بھی فراہم کر رہا ہے، پنجاب میں 300 نواز شریف اسکولز آف ایمنینس قائم کیے جا رہے ہیں، تعلیم کا انقلاب خود بخود نہیں آیا بلکہ اس کے لیے محنت کی گئی ہے۔ مریم نواز نے کہا کہ پنجاب کا ہر بچہ اور بچی مجھے اپنے بچوں کی طرح عزیز ہے، دن رات کوشش کر رہی ہوں کہ پنجاب خواتین کے لیے ایک محفوظ صوبہ بنے۔ انہوں نے کہا کہ جہاں پنجاب کی سرحد ختم ہوتی ہے، وہاں ترقی بھی ختم ہو جاتی ہے، میں ایسی وزیر اعلیٰ نہیں جو صرف مسائل گنواتی رہے بلکہ مسائل کے حل کے لیے دن رات کام کرتی ہوں۔

بقیہ 26

شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) سے جاری بیان میں کہا گیا کہ سیکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے اضلاع کیچھی اور خاران میں بھارتی پراکسی فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج سے منسلک دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر یکم نومبر 2026 کو کارروائیاں کیں اور 17 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ بیان میں کہا گیا کہ ضلع کیچھی کے علاقے سنی میں انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی کی گئی، کارروائی کے دوران دہشت گردوں نے شہر میں روڈ بلاک کرنے کی کوشش کی تاہم سیکیورٹی فورسز کی بھرپور کارروائی سے اس کو ناکام بنا دیا گیا، اس موقع پر بھارت اسپانسرڈ 17 دہشت گردوں کو نشانہ بنایا گیا۔ کارروائی کے حوالے سے بتایا گیا کہ ہلاک دہشت گردوں سے اسلحہ اور بارود بھی برآمد کر لیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے انٹیلی جنس بیسڈ ایک اور کارروائی ضلع خاران میں کی جہاں دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو اڑا دیا گیا اور شدید فائرنگ کے تبادلے میں 7 دہشت گرد مارے گئے، جو بھارتی اسپانسرڈ خوارج تھے، ان کے قبضے سے بھی اسلحہ اور بارود برآمد ہوا۔ آئی ایس پی آر نے بتایا کہ دہشت گردوں کے ساتھ فائرنگ کے تبادلے کے دوران پاک فوج کا 25 سالہ سپاہی حکمت اللہ نے بہادری سے لڑتے ہوئے شہادت پائی، جن کا تعلق خیبر پختونخوا کے ضلع کرک سے تھا۔ بیان میں بتایا گیا کہ سیکیورٹی فورسز کی جانب سے ان کارروائیوں کے بعد دہشت گردوں کی موجودگی کے شبہات دور کرنے کے لیے آپریشن کیا گیا۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے بلوچستان کے اضلاع کیچھی اور خاران میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کے 17 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا اور ضلع کیچھی میں دہشت گردوں کی جانب سے سڑک کی ناکہ بندی کی کوشش ناکام بنانے پر سیکیورٹی فورسز کی بروقت اور مؤثر کارروائی کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کے مذموم عزائم ناکام بنانے کے لیے سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت اور مستعدی قابل تحسین ہے۔

بقیہ 27

درج مقدمے میں قاری عبدالواحد کو نامزد کیا گیا ہے۔ ایف آئی آر کے متن کے مطابق مدعی کا بیٹا عفان شاہ مدرسہ بیت المعمور میں دینی تعلیم حاصل کر رہا ہے، جو صحافی کالونی، گیٹ نمبر 2 کے قریب واقع ہے۔ درخواست گزار کے مطابق 31 اکتوبر کو سہ پہر تقریباً 3 بجے اس کا بیٹا مدرسے سے واپس گھر آیا تو اس کی بائیں آنکھ بری طرح متاثر تھی۔ بیٹے سے آنکھ پر چوٹ لگنے کے بارے میں دریافت کیا تاہم ابتدا میں بچے نے کچھ نہیں بتایا کیونکہ وہ بہت زیادہ ڈرا ہوا تھا۔ شام تقریباً 5 بجے جب بچہ کچھ سنبھلا تو اس نے والد کو بتایا کہ مدرسے کے استاد قاری عبدالواحد نے اس کی آنکھ پر ڈنڈا مارا اور اسے ڈرایا دھمکایا۔ درخواست گزار کے مطابق انہوں نے بیٹے کو طبی معائنے اور علاج کے لیے ہسپتال پہنچایا بعد ازاں وہ تھانے پہنچے اور واقعے کے خلاف کارروائی کی درخواست دی۔

بقیہ 28

کے لیے ملاقاتوں کا باقاعدہ شیڈول بھی تیار کیا جا رہا ہے۔ دورے کے دوران وہ ضلعی سطح پر پارٹی تنظیموں کے عہدیداروں سے ملاقاتیں کریں گی۔ ذرائع کے مطابق فریال تالپور کا پنجاب میں قیام تقریباً 10 روز پر محیط ہوگا اس دوران وہ بلدیاتی انتخابات میں حصہ لینے کے خواہشمند امیدواروں اور پارٹی کارکنوں سے بھی ملاقاتیں کریں گی۔ پارٹی ذرائع نے بتایا کہ فریال تالپور کے پنجاب کے دورے اب ماہانہ بنیادوں پر ہوا کریں گے اور وہ پارٹی کو فعال بنانے اور تنظیمی سرگرمیوں کو مضبوط کرنے کے لیے صوبے کے مختلف شہروں کا دورہ کریں گی۔ ذرائع کے مطابق ان دوروں اور ملاقاتوں کا مقصد ضلعی عہدیداروں سے براہ راست رابطہ قائم کرنے کے ساتھ بلدیاتی انتخابات میں پارٹی کی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے عملی رہنمائی فراہم کرنا بھی ہے

بقیہ 29

بنایا گیا۔ تیزاب سے خاتون کی گردن، کمر اور دونوں ٹانگیں جبکہ بچے کا دایاں بازو متاثر ہوا۔ متاثرہ ماں اور بیٹے کو جنرل ہسپتال میں علاج جاری ہے۔ پولیس کے مطابق متاثرہ خاتون کی درخواست پر مقدمہ نمبر 9358/26 درج کیا گیا ہے۔ گرفتار ملزم انصاف علی سے تفتیش جاری ہے جبکہ اس کی بیٹی بھی زیر حراست ہے۔

بقیہ 30

برآمد کی، ویسٹریج پولیس نے منشیات سپلائر کو حراست میں لے کر 1 کلو200 گرام چرس برآمد کی، ٹیکسلا پولیس نے منشیات سپلائر کو حراست میں لے کر 1 کلو100 گرام چرس برآمد کر کے الگ الگ مقدمات درج کر لیے، منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے تمام اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ 31

سنائی گئی، مجرم کو ضرر کے جرائم میں 10 سال قید، 22 لاکھ 52 ہزار 634 روپے دیت اور 2 لاکھ روپے ضمان کی سزا سنائی گئی، مجرم کو مجموعی طور پر 20 سال قید، 22 لاکھ 52 ہزار 634 روپے دیت، 5 لاکھ روپے جرمانے اور 2 لاکھ روپے ضمان کی سزا سنائی گئی، مجرم نے جولائی 2023ء تھانہ مورگاہ کے علاقے میں سابقہ رنجش پر چاقو کے وار سے شہری کو زخمی کر دیا تھا، ٹھوس شواہد اور مقدمہ کی مؤثر پیروی کے پیش نظر معزز عدالت نے مجرم کو قرار واقعی سزا سنائی۔

بقیہ 32

لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور کہا کہ اگرچہ اب دونوں کے درمیان بات چیت نہیں ہوتی، لیکن انہوں نے ماضی میں اچھا وقت ساتھ گزارا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مشکل وقت میں حقیقی دوستوں کی پہچان ہوتی ہے، ہمت نہ ہارنا، میں تمہارے ساتھ ہوں، جبکہ ان کی والدہ بھی مسٹر پٹلو کے لیے دعاگو ہیں اور ان سے بات کرنا چاہتی تھیں

بقیہ 33

شدید خوف و ہراس پھیل گیا تفصیلات کے مطابق، حدود کے قلعہ مسیتا کے ایک گھر میں گیس سلنڈر کی لیج کے باعث اچانک زوردار دھماکہ ہوا جس سے گھر کی دو منزلہ عمارت زمین بوس ہو گئی واقعے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی ٹیموں نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ملبے اور آگ سے متاثرہ افراد کو نکالا اور تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال مرید کے منتقل کیا ریسکیو ذرائع کے مطابق، دھماکے میں جھلسنے اور زخمی ہونے والوں میں مہک زوجہ فرخ اور ان کے تین کمسن بچے، 13 سالہ آیت فاطمہ، 8 سالہ عالیاں فرخ اور 5 سالہ علی ثمر فرخ، جبکہ 25 سالہ عبرین ولد الیاس شامل ہیں۔ ٹی ایچ کیو ہسپتال میں ابتدائی طبی امداد کے بعد ڈاکٹرز نے جھلسنے والے ان پانچوں افراد کی حالت تشویشناک قرار دیتے ہوئے انہیں مزید اور بہتر علاج کے لیے فوری طور پر لاہور ریفر کر دیا عینی شاہدین کا کہنا ہے کہ دھماکے کی شدت اتنی زیادہ تھی کہ قریبی گھروں کے شیشے ٹوٹ گئے، جس کی زد میں آ کر ایک پڑوسی خاتون بھی زخمی ہو گئی جسے فوری طبی امداد فراہم کی گئی واقعے کے بعد علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا اور مقامی لوگ بڑی تعداد میں جائے وقوعہ پر جمع ہو کر امدادی کاموں میں حصہ لیتے رہے انتظامیہ اس ہونے والے واقعے کی مزید تحقیقات کر رہی ہے۔

بقیہ 34

گرفتار کر لیا، زیر حراست ملزم سے 11 چائینہ باکس، 70 ڈبیاں ماچس پٹانے، 5 کلر سموگ سمیت دیگر سامان آتش بازی برآمد ہوا، گجنڈی پولیس نے مقدمہ درج کر کے گرفتار کر لیا، ایس پی راول بیدار بخت گوندل کا کہنا تھا کہ آتش بازی کے ذریعے شہریوں کی جانیں خطرے میں ڈالنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 35

پر سماعت کی، جس میں درخواست گزار نے مؤقف اختیار کیا کہ 9 سال گزر گئے سپرداری درخواست پر فیصلہ نہیں ہوا۔ عدالت نے استفسار کیا کہ 9 سال بعد ایف آئی آر کی بات نہ کریں، درخواست گزار کا اسٹیٹس کیا ہے؟، جس پر پولیس نے بتایا کہ اس سے گاڑی ریکور ہوئی ہے۔ 2015 میں کیس رجسٹر ہوا تھا، درخواست گزار گاڑی کرایے پر چلا رہا تھا، مالک نے کہا کہ خورد برد کی گئی ہے، گاڑی ٹیمپرڈ نکلی جس پر سپرداری خارج کر دی، گاڑی موجودہ درخواست گزار نے خریدی تھی۔ چیف جسٹس نے ریمارکس دیے کہ آپ اپنے سسٹم کو کیوں ٹھیک نہیں کرتے؟۔ سی سی پی او لاہور نے عدالت کو بتایا کہ 2010 سے اب ہم اپنا ریکارڈ درست کریں گے۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ نے کہا کہ جب تمام چیزیں موجود تھیں تو ان پر عملدرآمد کیوں نہیں کیا گیا؟، پورا سسٹم ہی خراب ہے، کس طرح ٹھیک ہو گا؟ کوئی کام نہیں کرتا۔ عدالت نے استفسار کیا کہ آپ نے گاڑی کس سے خریدی؟ اس کے کاغذات چیک کرنے چاہئیں تھے، کیا گاڑی آپ کے نام پر ٹرانسفر ہوئی؟، جس پر وکیل درخواست گزار نے بتایا کہ نہیں، گاڑی نام ٹرانسفر نہیں ہوئی۔ عدالت نے کہا کہ آپ گاڑی کے مالک کیسے بن گئے کاغذات آپ کے نام پر نہیں، نمبر ٹیمپرڈ ہے، آپ کے خلاف تو مقدمہ بنتا ہے، آپ بوگس نمبر لگا کر چلا رہے ہیں۔

بقیہ 36

شہدائے جموں نے اپنی جانوں کا نذرانہ دے کر تحریک آزادی کشمیر کی بنیادوں کو مضبوط کیا۔ آج ہم ان عظیم شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں جن کی قربانیوں کی بدولت آج کشمیر کا مسئلہ زندہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام نے 1947 سے لے کر آج تک آزادی کے لیے بے شمار قربانیاں دی ہیں اور بھارتی جبر کے سامنے سیسہ پلائی ہوئی دیوار بنے ہوئے ہیں۔ اوورسیز کشمیری کمیونٹی اقوام متحدہ اور عالمی برادری سے مطالبہ کرتی ہے کہ وہ شہدائے جموں کے خون کا حساب لے اور کشمیری عوام کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حق خودارادیت دلانے میں اپنا کردار ادا کرے۔ انہوں نے کہا کہ 6 نومبر کا دن ہمیں اس عہد کی تجدید کا موقع فراہم کرتا ہے کہ ہم اپنے شہداء کے مشن کو جاری رکھیں گے اور تحریک آزادی کشمیر کو اس کی منطقی منزل تک پہنچا کر دم لیں گے۔

بقیہ 37

اسلحہ سے مسلح نوجوان نے مین بازار کپڑے کی دوکان پر دن دیہاڑے فائرنگ کر کے خاتون کو شدید زخمی کر دیا جو ہسپتال منتقل ہونے پر زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گئی پولیس نے مقتولہ کی نعش پوسٹمارٹم کے لئے تحویل میں لیکر ایس ایچ او کی مدعیت میں ملزم محسن عباس کے خلاف مقدمہ درج کر لیا اور ملزم کی تلاش میں مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ 38

اور موثر اقدامات اٹھائے جائیں۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ پولیوٹیموں کو تحفظ فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ پولیو ورکرز کو نشانہ بنانا انسانیت اور قومی مفاد کے خلاف ہے۔

بقیہ 39

کے گاں جتیال میں بجلی کی تاروں میں سپارکنگ کے باعث 10 سالہ بچی دختر میر زمان کرنٹ لگنے سے موقع پر جاں بحق ہو گئی۔

بقیہ 40

مطابق ڈائریکٹر جنرل سید علی ناصر کی زیر نگرانی سائبر کرائم رپورٹنگ سنٹر راولپنڈی نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے خواتین کی قابل اعتراض تصاویر اور ویڈیوز کے ذریعے بلیک میلنگ میں ملوث ملزم فیضان اکرم ولد محمد اکرم کو گرفتار کر لیا، ملزم کا تعلق چیننی منگا پی او باسول نگر، چیننی والی ڈڈ، تحصیل علی پور چٹھہ، ضلع وزیر آباد سے ہے، ملزم کو 29 اکتوبر 2026 کو گرفتار کیا گیا اور اس کے قبضے سے 2 موبائل فونز برآمد کر کے باقاعدہ قبضہ میمو کے ذریعے تحویل میں لے لیے گئے، برآمد شدہ موبائل فونز کی تکنیکی جانچ کے دوران مدعیہ کی قابل اعتراض تصاویر اور ویڈیوز کے علاوہ دیگر لڑکیوں کی نازیبا تصاویر اور ویڈیوز بھی گیلری میں محفوظ پائی گئیں، برآمد شدہ ڈیوائسز کو مزید فرانزک تجزیے کے لیے بھجوا دیا گیا ہے، ملزم کے خلاف سائبر کرائم رپورٹنگ سینٹر راولپنڈی میں مقدمہ درج کر لیا، اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل این سی سی آئی اے سید علی ناصر رضوی کا یہ کہنا تھا کہ خواتین کو ہراساں اور بلیک میل کرنے والے عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری ہیں شہری کسی بھی سائبر جرم کی اطلاع 1799 پر اطلاع دیں یا قریبی سرکل میں رپورٹ کریں

بقیہ 41

سخت قانونی کارروائی کی جائے گی اور ادویات کا ڈیٹا جمع نہ کرانے والی کمپنیوں کے پیداواری یونٹس سیل کیے جائیں گے۔ وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا کہ جعلی ادویات کا خاتمہ ناگزیر ہو گیا ہے، اس مقصد کے لیے 2D بارکوڈ کے نفاذ کے معاملے پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی جائے گی۔ انہوں نے تمام فارماسیوٹیکل کمپنیوں کو ہدایت کی کہ مقررہ تقاضوں کے مطابق اپنا سیریلائزیشن ڈیٹا ہر صورت ڈریپ کو جمع کروائیں تاکہ ادویات کی مؤثر نگرانی، شفافیت اور ٹریک اینڈ ٹریس نظام کو یقینی بنایا جا سکے۔

بقیہ 42

ان کے موکل کی دکان مسمار کر دی گئی جبکہ کارروائی سے پہلے کوئی نوٹس بھی جاری نہیں کیا گیا تھا۔ جسٹس سید ارشد علی نے سرکاری وکیل سے استفسار کیا کہ تجاوزات کے خلاف آپریشن سے پہلے متعلقہ افراد کو نوٹس جاری کیا جاتا ہے یا نہیں؟ عدالت نے ریمارکس دیے کہ بغیر نوٹس کسی کے خلاف کارروائی کیسے کی جا سکتی ہے۔ عدالت نے اس حوالے سے رپورٹ مرتب کرنے اور آئندہ سماعت پر متعلقہ افسران کو بھی پیش ہونے کی ہدایت کر دی۔ عدالت نے کہا کہ ان تمام کیسز کو ایک ساتھ سنا جائے گا۔ عدالت نے متعلقہ فریقین سے جواب طلب کرتے ہوئے سماعت 5 نومبر تک ملتوی کر دی۔ عدالت نے اس دوران انتظامیہ کو درخواست گزاروں کے خلاف مزید کارروائی نہ کرنے کا حکم بھی دے دیا۔

بقیہ 43

شفافیت، غیر جانبداری اور میرٹ کی بنیاد پر لیے جا رہے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ترجمان این سی سی آئی اے نے بتایا کہ امیدواروں کے فیزیکل ٹیسٹ ملک بھر کے مختلف شہروں میں لیے جا رہے ہیں جن میں گوجرانوالہ، کراچی، سکھر، حیدرآباد، لاہور، ساہیوال، پشاور، کوئٹہ، گلگت، فیصل آباد اور ملتان شامل ہیں، تمام فیزیکل ٹیسٹ مکمل شفافیت، غیر جانبداری اور میرٹ کی بنیاد پر لیے جا رہے ہیں، بھرتی کا تمام عمل سو فیصد میرٹ اور شفاف طریقہ کار کے مطابق مکمل کیا جائے گا، وفاقی وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی اور ڈائریکٹر جنرل این سی سی آئی اے سید علی ناصر رضوی کی خصوصی ہدایت پر بھرتیوں کے تمام مراحل کی خود نگرانی کی جا رہی ہے اور عمل کو مکمل شفاف رکھا جا رہا ہے، ڈائریکٹر جنرل این سی سی آئی اے سید علی ناصر رضوی نے اپنے پیغام میں کہا کہ بھرتیوں میں میرٹ اور شفافیت پر کسی صورت سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، ہم اہل، قابل، محنتی اور باصلاحیت نوجوانوں کو ادارے کا حصہ بنانا چاہتے ہیں تاکہ ادارے کو مزید مضبوط اور فعال بنایا جا سکے۔ تمام امیدوار اپنی محنت اور قابلیت پر مکمل اعتماد رکھیں، نوجوانوں کو سائبر کرائم کے خلاف جنگ میں شامل ہونے کا یہ ایک سنہری موقع فراہم کیا جا رہا ہے۔

بقیہ 44

خلاف پیکا ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈائریکٹر جنرل سید علی ناصر رضوی کی زیر قیادت این سی سی آئی اے لاہور سرکل نے لاہور ٹاؤن شپ سیکٹر اے-2 بلاک 1 میں قائم جعلی کال سنٹر پر چھاپہ مارا، غیر قانونی کال سنٹر کے ذریعے غیر ملکی شہریوں کو سستی موبائل اپ گریڈ اور سم او ٹی ڈیلز کے نام پر فراڈ کا نشانہ بنایا جا رہا تھا، ملزمان اے ٹی اینڈ ٹی اور ویریزون جیسی بین الاقوامی ٹیلی کام کمپنیوں کا نام استعمال کر کے مالی معلومات حاصل کر کے رقوم بٹورتے تھے، کارروائی کے دوران 2 خواتین سمیت 8 ملزمان جن میں طیب طارق، علی رضا، عظیم الرحمٰن، محمد عمر، حسیب آصف، حسنین رضا، علیشبا حنیف اور آمنہ طارق شامل ہیں کو حراست میں لیا گیا، چھاپے کے دوران 28 لیپ ٹاپ، 10 ڈیسک ٹاپ کمپیوٹر اور 15 موبائل فونز سمیت 53 ڈیجیٹل آلات اور ڈائل اپ سافٹ ویئر برآمد کر لیا گیا، ابتدائی تفتیش کے مطابق طیب طارق اور آمنہ طارق کال سنٹر کے مالکان اور مینیجرز ہیں جو بغیر کسی حکومتی اجازت کے کال سنٹر چلا رہے تھے، برآمد شدہ سامان کو تکنیکی تجزیے کے لیے قبضے میں لے لیا گیا، ملزمان کے خلاف پیکا ایکٹ 2016 کے تحت مقدمہ درج کر لیا گیا ہے، ڈائریکٹر جنرل سید علی ناصر رضوی کا اس موقع پر یہ کہنا تھا کہ غیر قانونی کال سینٹرز اور بین الاقوامی فراڈ میں ملوث عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، شہری کسی بھی سائبر جرم کی اطلاع 1799 پر اطلاع دیں یا قریبی سرکل میں رپورٹ کریں

بقیہ 45

تھی جس میں ان کا ایک ساتھی زخمی حالت میں گرفتار ہوا تھا، واقعے کی اطلاع پر سینئر پولیس افسران موقع پر پہنچ گئے، گرفتار ڈاکوؤں سے تفتیش میں اہم انکشافات متوقع ہیں، زخمی حالت میں گرفتار ملزمان کو ہسپتال منتقل کیا گیا ہے، ملزمان کے فرار ساتھی کی گرفتاری کے لیے علاقہ میں سرچ آپریشن کیا جا رہا ہے، شہریوں اور پولیس پر حملہ کرنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 46

فونز برآمد، ملزمان کے خلاف پیکا ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈائریکٹر جنرل سید علی ناصر رضوی کی زیر نگرانی نیشنل سائبر کرائم انویسٹیگیشن ایجنسی نے چائلڈ پورنوگرافی میں ملوث عناصر کے خلاف بڑی کارروائی کرتے ہوئے 2 ملزمان ساجد علی اور اسد سیف کو بے نقاب کیا، ملزمان واٹس ایپ اور ٹیلی گرام کے ذریعے چائلڈ سیکشول ابیوز میٹریل (CSAM) بنانے، رکھنے، ترسیل اور فروخت میں ملوث پائے گئے، ملزم اسد سیف اپنے ہی بچے کے حوالے سے قابل اعتراض مواد بنانے اور پھیلانے میں ملوث نکلا جبکہ ملزم ساجد علی بھی اس گھناؤنے جرم میں ملوث پایا گیا، دونوں ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا ہے اور وہ جسمانی ریمانڈ پر ہیں، ملزم ساجد علی کے قبضے سے جرم میں استعمال ہونے والے 2 موبائل فونز برآمد کر کے قبضے میں لے لیے گئے ہیں جنہیں فرانزک تجزیے کے لیے بھجوا دیا گیا ہے، ملزمان کے خلاف پیکا ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی گئی ہے، اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل این سی سی آئی اے سید علی ناصر رضوی کا اس موقع پر یہ کہنا تھا کہ بچوں کے استحصال اور چائلڈ پورنوگرافی میں ملوث عناصر کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت سخت ترین قانونی کارروائی جاری ہے، شہری کسی بھی سائبر ہراسانی یا جرم کی اطلاع 1799 پر دیں یا قریبی سرکل میں رپورٹ کریں

بقیہ 47

ڈاکٹر ظاہر کرتے ہوئے ڈیوٹی پر موجود عملے کو گمراہ کرنے کی کوشش کر رہا تھا، تاہم انتظامیہ اور سیکورٹی عملے نے مستعدی اور بروقت جانچ پڑتال کے ذریعے ملزم کے جھوٹے دعوے کو فوری طور پر بے نقاب کر دیا، سیکورٹی عملے نے بلا تاخیر کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو حراست میں لیا جس کے بعد سکیورٹی سپروائزر حفیظ بیگ کی تحریری درخواست پر متعلقہ پولیس تھانے نے ملزم کے خلاف قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا ہے، تحقیقات سے انکشاف ہوا ہے کہ ملزم محمد انس اس سے قبل بھی ایک شہری سے رقم بٹور کر ملازمت کا جعلی آرڈر دے چکا ہے اور تھانہ کوٹ لکھپت پولیس اس کے خلاف پہلے ہی مقدمہ درج کر چکی ہے جس سے اس کی مجرمانہ سرگرمیوں کا سلسلہ سامنے آتا ہے۔ ایم ایس جنرل ہسپتال پروفیسر ڈاکٹر فریاد حسین نے مریضوں کے تحفظ، سلامتی اور ہسپتال کے اندرونی نظم و ضبط کو یقینی بنانے کے لیے سیکورٹی سٹاف کو الرٹ رہنے اور صفائی کا معیار مزید بہتر رکھنے کی سخت ہدایات جاری کی ہیں۔

بقیہ 48

سے کہا گیا کہ کسی بھی سفری دشواری سے بچنے کے لئے شہری 20 منٹ کا دورانیہ رکھ کر سفر کریں، مزید معلومات کے لیے ٹریفک ہیلپ لائن نمبر 1915 پر رابطہ کریں۔ انتظامیہ نے کہا کہ اسلام آباد ٹریفک پولیس کے سوشل میڈیا پلیٹ فارم بھی فالو کریں یا مزید اپڈیٹس کے لئے FM.92.4 ٹیون کریں۔

بقیہ 49

کو گرفتار کیا جبکہ اس کے ساتھی کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔ سی پی او حسن مشتاق سکھیرا کی ہدایات پر ایس پی پوٹھوہار چوہدری اثر علی نے برآمد ہونے والے طلائی زیورات مدعی مقدمہ کے حوالے کر دیے، جس پر شہری نے راولپنڈی پولیس کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے افسران کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 50

کی گئی۔ دوسری جانب دھند کے باعث موٹر وے ایم 3 فیض پور سے جڑانوالہ تک بند کر دی گئی۔ موٹر وے پولیس کے مطابق شہری دھند میں محفوظ سفر کے لیے صبح 1 سے شام 6 بجے تک کے اوقات کو ترجیح دیں۔

بقیہ 51

ریکارڈ آ گیا ہے۔ جج ابوالحسنات ذوالقرنین نے کہا کہ اب بھی ریکارڈ نہ آتا تو میں ان کو بتاتا، آپ لوگوں نے کچھ کہنا ہے؟ چلیں رہنے دیں، ضمانت منظور کی جاتی ہے۔ واضح رہے کہ ایمان مزاری اور ہادی علی کے خلاف کار سرکار میں مداخلت کا مقدمہ تھانہ کوہسار میں درج ہے۔

بقیہ 52

دائرے میں آ سکتا ہے۔ سپریم کورٹ نے بیوی کو آگ لگانے کے الزام میں آئی بی کے باورچی جواد عباسی کی اپیل خارج کرتے ہوئے ان کی جبری ریٹائرمنٹ کا محکمانہ فیصلہ برقرار رکھا۔ جسٹس شاہد وحید کا تحریر کردہ فیصلے کا تحریری حکم نامہ جاری کیا گیا جس کے مطابق فوجداری کیس میں بریت محکمانہ کارروائی سے بریت کے لیے کافی نہیں۔ سرکاری ملازم کی نجی زندگی کا کردار بھی محکمانہ احتساب کے دائرے میں آ سکتا ہے، گھر کی چار دیواری میں خواتین پر تشدد کو نجی معاملہ قرار نہیں دیا جا سکتا، خواتین کی عزت و وقار کا تحفظ آئینی ذمہ داری ہے، ماں، بیٹی، بہن یا بیوی کی حیثیت سے عورت کا ہر رشتہ قابل احترام ہے، بیوی پر تشدد اور آگ لگانے کے الزام میں آئی بی ملازم کی محکمانہ سزا برقرار رہے گی۔ سرکاری ملازم کا کردار صرف دفتری فرائض تک محدود نہیں اور نجی زندگی بھی اہم ہے، محکمانہ انکوائری میں 13 گواہوں کے بیانات قلمبند کیے گئے۔ خواتین پر تشدد کرنے والا سرکاری ملازم عوامی اعتماد اور ادارے کی ساکھ متاثر کرتا ہے، ملزم نے 2022 میں بیوی پر تشدد کے دوران اسے آگ لگائی اور جان سے مارنے کی کوشش کی، دفتر سے باہر کیا گیا جرم بھی سرکاری ملازمت پر اثر انداز ہو سکتا ہے۔

بقیہ 53

نے سی ایس پی افسر بشارت علی کے خلاف مقدمہ درج کروایا تھا جس کی تحقیقات این سی سی آئی اے کر رہی ہے۔

بقیہ 54

بتانے کی دھمکی بھی دی تھی۔ پولیس ترجمان کے مطابق بچے کے والد کی درخواست پر ملزم کے خلاف دفعہ 328اے کے تحت فوری مقدمہ درج کیا گیا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس حرکت میں آئی اور چند گھنٹوں میں ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے کہا کہ بچوں پر تشدد کے واقعات ہرگز برداشت نہیں کیے جائیں گے۔ زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت خواتین اور بچوں پر اٹھنے والا ہر ہاتھ روکیں گے۔

بقیہ 55

کے لیے راولپنڈی پولیس نے موثر سیکورٹی انتظامات کیے، 1000 سے زائد افسران و اہلکار سیکورٹی فرائض سرانجام دے رہے ہیں، ضلع بھر میں 686 پولیو ٹیموں اور 352 ٹرانزٹ پوائنٹس کو سیکورٹی فراہم کی جا رہی ہے، تھانوں کی موبائل، ایلیٹ سکواڈ اور ڈولفن فورس بھی علاقے میں گشت کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں، پولیو مہم کے دوران سیکورٹی کے لئے فول پروف انتظامات کئے گئے ہیں، راولپنڈی پولیس شہریوں کی جان و مال کی حفاظت کے لئے تمام اقدامات اٹھا رہی ہے۔

بقیہ 56

باسمتی چاول کی طلب برقرار رہی، جس کے نتیجے میں ملکی برآمدات میں اضافہ دیکھنے میں آیا۔ اعداد و شمار کے مطابق مالی سال 2026-27 کی پہلی سہ ماہی، یعنی جولائی سے ستمبر 2026 کے دوران پاکستان کی چاول برآمدات کے مجموعی حجم میں گزشتہ سال کے اسی عرصے کے مقابلے میں 51 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔

پیپلز پارٹی کا پنجاب میں تنظیمی سرگرمیاں تیز کرنے کا فیصلہ

فریال تالپور کو اہم ذمہ داری سونپ دی گئی، فریال تالپور ماہانہ بنیادوں پر پنجاب آئیں گی، پارٹی کو فعال بنانے کیلئے مختلف شہروں کا دورے کریں گی

10 یا 11 نومبر کو لاہور کا دورہ کرسکتی ہیں، ضلعی سطح پر پارٹی تنظیموں کے عہدیداروں سے ملاقاتیں کریں گی، ذرائع

لاہور(این این آئی) مقامی حکومتوں کے انتخابات قریب آتے ہی پاکستان پیپلز پارٹی نے پنجاب میں اپنی تنظیمی سرگرمیاں تیز کرتے ہوئے پارٹی کے ویژن ونگ کی سربراہ اور صدر مملکت آصف علی زرداری کی ہمشیرہ فریال تالپور کو پنجاب پارٹی کو متحرک کرنے اور تنظیمی ڈھانچے کو مضبوط بنانے کے لیے اپنا کردار بڑھائیں گی۔ ذرائع کے مطابق فریال تالپور 10 یا 11 نومبر کو لاہور کا دورہ کر سکتی ہیں جس (بقیہ نمبر 2 8)



صدر یو ایم ٹی ابراہیم حسن مراد سے ڈی جی پنجاب کاؤنٹر نارکوٹکس فورس بریگیڈیر محمد رضوان ملاقات کر رہے ہیں

مری صاف پانی گھر گھر اسکیم جاری

ساڑھے 13 لاکھ سے زائد شہری مستفید

اگست سے 3 نومبر تک 2 لاکھ 21 ہزار سے زائد گھرانوں کو 23 لاکھ گیلن سے زائد پینے کا صاف پانی مفت فراہم کیا گیا

ڈی سی مری آغا ظہیر عباس شیرازی کے احکامات پر شہری و دیہی علاقوں میں عوام کو ان کی دہلیز پر پانی کی فراہمی مسلسل جاری ہے

مری (این این آئی) وزیرِ اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایات اور ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کے احکامات کی روشنی میں واسا مری کی جانب سے ''صاف پانی، گھر گھر'' اسکیم کے تحت شہری و دیہی علاقوں میں صاف پانی کی مفت فراہمی کا سلسلہ جاری ہے۔ اگست 2026 میں شروع کیے گئے اس عوامی فلاحی منصوبے کے تحت 3 نومبر 2026 تک مجموعی طور پر 13 لاکھ 60 ہزار (بقیہ نمبر 1)

راولپنڈی پولیس کی منشیات کے خلاف کارروائیاں، 4 منشیات سپلائر گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے منشیات کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 4 منشیات سپلائر گرفتار کر لئے جن کے قبضے ساڑھے 5 کلو سے زائد چرس برآمد۔ تفصیلات کے مطابق بنی پولیس نے منشیات سپلائر کو حراست میں لے کر 1 کلو 899 گرام چرس برآمد کی، ریس کورس پولیس نے منشیات سپلائر کو حراست میں لے کر 1 کلو 640 گرام چرس (بقیہ نمبر 30)

بیوی پر تیزاب گردی کرنے والا سفاک شوہر بیٹی سمیت گرفتار

تیزاب پھینکنے سے خاتون کا کمسن بیٹا بھی متاثر ہوا، جنرل ہسپتال میں علاج جاری

لاہور(این این آئی) کاہنہ پولیس نے بیوی پر تیزاب پھینکنے کے الزام میں شوہر کو اس کی بیٹی سمیت گرفتار کرلیا، دونوں ملزمان کو فیصل آباد سے حراست میں لیا گیا۔ پولیس کے مطابق ملزمان خاتون پر تیزاب پھینکنے کے بعد فرار ہوگئے تھے، واقعہ روہی نالہ کے قریب پیش آیا جہاں فیکٹری سے چھٹی کے بعد گھر جانے والی ماں اور بیٹے کو تیزاب گردی کا نشانہ (بقیہ نمبر 29)



لاہور، چین کے صوبے سنکیانگ کے اعلیٰ سطحی وفد کے محکمہ آبپاشی کے دورے کے دوران وزیر آبپاشی وفد کے شرکا کو یادگاری شیلڈز دے رہے ہیں

رجب بٹ کا مسٹر پتلو کے مشکل وقت میں ساتھ دینے کا اعلان

مشکل وقت میں حقیقی دوستوں کی پہچان ہوتی ہے، ہمت نہ ہارنا، میں تمہارے ساتھ ہوں

لاہور(این این آئی) معروف پاکستانی یوٹیوبر رجب بٹ نے سابق دوست اور ٹک ٹاکر مسٹر پتلو کے مشکل وقت میں ان کی حمایت کرتے ہوئے خصوصی ویڈیو پیغام جاری کر دیا۔ رجب بٹ نے پرانے اختلافات کو نظر انداز کرتے ہوئے مسٹر پتلو کے (بقیہ نمبر 32)

مرید کے، گھر میں گیس سلنڈر کا خوفناک دھماکہ

2 منزلہ عمارت منہدم، ماں اور 3 بچوں سمیت 5 افراد زخمی، گھروں شیشے ٹوٹ گئے

کالاشاہ کاکو(این این آئی) مرید کے کے علاقے حدود کے قلعہ میسا میں گھر کے اندر گیس سلنڈر لیک ہونے کے باعث خوفناک دھماکہ ہوا جس کے نتیجے میں دو منزلہ عمارت منہدم ہوگئی دھماکے کے باعث ماں اور تین کمسن بچوں سمیت 5 افراد شدید زخمی ہوگئے دھماکہ اس قدر شدید تھا کہ اردگرد کے گھروں کے شیشے ٹوٹ گئے اور پورے علاقے میں (بقیہ نمبر 33)

جماعت اسلامی اسلام آباد

Jamaat-e-Islami Islamabad



قائم مقام امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

راولپنڈی، چار افراد گرفتار، 25 لیٹر سے زائد شراب برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی جاری کارروائیوں کے دوران چار افراد کو حراست میں لے کر 25 لیٹر سے زائد شراب برآمد کر لی گئی۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ بنی پولیس نے ایک فرد کو حراست میں لے کر 10 لیٹر شراب برآمد کی، سول لائنز پولیس نے ایک فرد کو حراست میں لے کر 10 لیٹر شراب برآمد کی، چکلالہ پولیس نے دو افراد کو حراست میں لے کر 05 لیٹر اور 01 بوتل شراب برآمد کر کے الگ الگ مقدمات درج کر لیے۔

نیشنل سائبر کرائم انویسٹیگیشن ایجنسی میں بھرتیوں کا عمل جاری

فیز ٹیکل ٹیسٹ کا آغاز، میرٹ اور شفافیت پر کسی صورت سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل سائبر کرائم انویسٹیگیشن ایجنسی میں جاری بھرتیوں میں ملک بھر میں فیز ٹیکل ٹیسٹ کا آغاز کر دیا گیا، امیدواروں کے فیز ٹیکل ٹیسٹ ملک بھر کے مختلف شہروں میں لیے جا رہے ہیں جن میں گوجرانوالہ، کراچی، سکھر، حیدر آباد، لاہور، ساہیوال، پشاور، کوئٹہ، گلگت، فیصل آباد اور ملتان شامل ہیں، تمام فیز ٹیکل ٹیسٹ مکمل (بقیہ نمبر 3 4)

غیر قانونی کال سینٹر بے نقاب، 8 ملزمان گرفتار

غیر قانونی کال سینٹر کے ذریعے غیر ملکی شہریوں کو ٹیلی کام فراڈ کا نشانہ بنایا جا رہا تھا

اسلام آباد/لاہور(این این آئی) نیشنل سائبر کرائم انویسٹیگیشن ایجنسی لاہور نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے غیر قانونی کال سینٹر بے نقاب کر کے 8 ملزمان گرفتار کر لیا، غیر قانونی کال سینٹر کے ذریعے غیر ملکی شہریوں کو ٹیلی کام فراڈ کا نشانہ بنایا جا رہا تھا، ملزمان اے ٹی ایز اینڈ ٹی اور ویریزون جیسی بین الاقوامی کمپنیوں کا نام استعمال کر کے فراڈ کرتے تھے، کارروائی کے دوران 2 خواتین سمیت 8 ملزمان گرفتار کر لئے گئے ، ملزمان کے (بقیہ نمبر 4 4)



پاکستان کیمیکلز اینڈ ڈائر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے چیئرمین سلیم مرکاتی چیف کلکٹر کسٹمز اپریزمنٹ (ساؤتھ) واجد علی سے کسٹم ہاؤس کراچی میں وفد کے ہمراہ ملاقات کے موقع پر شیلڈ پیش کر رہے ہیں

اقدام قتل اور ضرر کے مقدمہ میں معزز عدالت نے مجرم کو سزا سنا دی

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی موثر پولیسنگ کے باعث اقدام قتل اور ضرر کے مقدمہ میں معزز عدالت نے مجرم کو سزا سنا دی، مجرم کو مجموعی طور پر 20 سال قید، 22 لاکھ 52 ہزار 634 روپے دیت، 5 لاکھ روپے جرمانے اور 2 لاکھ روپے ضمان کی سزا سنائی گئی۔ تفصیلات کے مطابق اقدام قتل اور ضرر کے مقدمہ میں معزز عدالت نے مجرم کو سزا سنا دی، مجرم رحمٰن اللہ کو اقدام قتل کے جرم میں 10 سال قید اور 5 لاکھ روپے جرمانے کی سزا (بقیہ نمبر 31)

گنجمنڈی پولیس کی کارروائی، آتش بازی کا سامان لے کر جانے والا شخص گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) گنجمنڈی پولیس کی ایک کارروائی کے دوران آتش بازی کا سامان لے کر جانے والا شخص گرفتار کر لیا گیا، ملزم سے 11 چائینہ باکس، 70 ڈبیاں ماچس پٹاخے، 5 کلر سموگ سمیت دیگر سامان آتش بازی بھی برآمد کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق گنجمنڈی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے آتش بازی کا سامان لے کر جانے والے شخص کو (بقیہ نمبر 34)

راولپنڈی، کارسوار تین ڈاکوؤں کی پولیس پارٹی پر فائرنگ

فائرنگ کے دوران دو ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار، ساتھی فرار ہوگیا

چند روز قبل شہری سے گن پوائنٹ پر چھینی گئی کار برآمد کر لی گئی

راولپنڈی (این این آئی) صدر بیرونی کے علاقہ میں رات گئے کارسوار تین ڈاکوؤں نے پولیس پارٹی پر فائرنگ کر دی، فائرنگ کے دوران دو ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار کر لئے گئے جبکہ ساتھی فرار ہونے میں کامیاب، چند روز قبل شہری سے گن پوائنٹ پر چھینی گئی کار و اسلحہ برآمد۔ تفصیلات کے مطابق صدر بیرونی کے علاقہ میں رات گئے کارسوار تین ڈاکوؤں نے پولیس پارٹی پر فائرنگ کر دی، فائرنگ کے دوران دو ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار جبکہ ساتھی فرار ہو گیا، گرفتار زخمی ڈاکوؤں سے چند روز قبل شہری سے گن پوائنٹ پر چھینی گئی کار و اسلحہ برآمد ہوا، پولیس نے سنیپ چیکنگ کے دوران کارسوار تین ملزمان کو رکنے کا اشارہ کیا تو انہوں نے پولیس پارٹی پر فائرنگ شروع کر دی، گرفتار ڈاکوؤں نے گزشتہ رات بھی پولیس پارٹی پر فائرنگ کی (بقیہ نمبر 45)

غیر قانونی کال سینٹر بے نقاب، 8 ملزمان گرفتار

غیر قانونی کال سینٹر کے ذریعے غیر ملکی شہریوں کو ٹیلی کام فراڈ کا نشانہ بنایا جا رہا تھا

اسلام آباد/لاہور(این این آئی) نیشنل سائبر کرائم انویسٹیگیشن ایجنسی لاہور نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے غیر قانونی کال سینٹر بے نقاب کر کے 8 ملزمان گرفتار کر لیا، غیر قانونی کال سینٹر کے ذریعے غیر ملکی شہریوں کو ٹیلی کام فراڈ کا نشانہ بنایا جا رہا تھا، ملزمان اے ٹی ایز اینڈ ٹی اور ویریزون جیسی بین الاقوامی کمپنیوں کا نام استعمال کر کے فراڈ کرتے تھے، کارروائی کے دوران 2 خواتین سمیت 8 ملزمان گرفتار کر لئے گئے ، ملزمان کے (بقیہ نمبر 44)

پاکستان کیمیکلز اینڈ ڈائر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے چیئرمین سلیم مرکاتی چیف کلکٹر کسٹمز اپریزمنٹ (ساؤتھ) واجد علی سے کسٹم ہاؤس کراچی میں وفد کے ہمراہ ملاقات کے موقع پر شیلڈ پیش کر رہے ہیں

آٹھ روز گزرنے کے باوجود نوجوان ہوشو گولو کا سراغ نہ مل سکا

اہل خانہ کی خواتین قرآن پاک اٹھا کر ایس ایس پی آفس کے مرکزی گیٹ پر پہنچ گئیں، پولیس کی مبینہ عدم توجہی کے خلاف احتجاج

نوجوان کی تلاش کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں، ایس ایس پی کشمور سے نوجوان کی فوری بازیابی اور بحفاظت گھر واپسی کا مطالبہ



گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی سے چیئرمین ڈیفنس اسٹیٹ نگ کمیٹی سینیٹر طلحہ محمود گورنر ہاؤس میں ملاقات کر رہے ہیں

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ کے قریب تھانہ سی سیکشن کی حدود میں واقع گاؤں ملہار گولو کا رہائشی نوجوان ہوشو گولو گزشتہ آٹھ روز سے پُراسرار طور پر لاپتا ہے طویل وقت گزرنے کے باوجود نوجوان کا کوئی سراغ نہ ملنے پر اس کے اہلِ خانہ شدید ذہنی اذیت اور پریشانی کا شکار ہیں نوجوان کی عدم بازیابی اور پولیس کی جانب سے مبینہ طور پر مؤثر اقدامات نہ کیے جانے کے خلاف لاپتا نوجوان کی والدہ سمیت گھر کی خواتین قرآن پاک اٹھا کر ایس ایس پی آفس کشمور کے مرکزی گیٹ (بقیہ نمبر 2)

خاتون اے ایس پی کو غیر مناسب پیغامات بھیجنے والے سی ایس پی افسر کی ضمانت منظور

لاہور(این این آئی) خاتون اے ایس پی کو نامناسب پیغامات بھیجنے کے مقدمے میں گرفتار سی ایس پی افسر بشارت علی کی درخواست ضمانت منظور کر لی گئی ۔ جوڈیشل مجسٹریٹ نے ملزم کو ضمانتی مچلکوں کے عوض رہا کرنے کا حکم دے دیا۔ دوران سماعت ملزم کی جانب سے زاہد نذیر ایڈووکیٹ نے عدالت میں دلائل دیئے۔ خاتون اے ایس پی افرا ء زاہد (بقیہ نمبر 53)

انسداد پولیو مہم کا دوسرا روز، راولپنڈی پولیس کے موثر سکیورٹی انتظامات

راولپنڈی (این این آئی) چار روزہ انسداد پولیو مہم کے دوسرے روز سی پی او حسن مشتاق سکھیرا کی ہدایات پر انسداد پولیو مہم کے لیے راولپنڈی پولیس نے موثر سکیورٹی انتظامات کئے 1000 سے زائد افسران و اہلکار سکیورٹی فرائض سرانجام دے رہے ہیں، ضلع بھر میں 686 پولیو ٹیموں اور 352 ٹرانزٹ پوائنٹس کو سیکورٹی فراہم کی جا رہی ہے۔ تفصیلات کے مطابق چار روزہ انسداد پولیو مہم کا دوسرا روز، سی پی او حسن مشتاق سکھیرا کی ہدایات پر انسداد پولیو مہم (بقیہ نمبر 55)

ایبٹ روڈ پر ٹریفک حادثہ، 2 افراد جاں بحق

ایک شخص زخمی، ریسکیو اہلکاروں نے جائے حادثہ سے لاشیں اور زخمی منتقل کیں

راولپنڈی (این این آئی) ایبٹ روڈ پر ٹریفک حادثہ، 2 افراد جاں بحق، ایک شخص زخمی، ریسکیو اہلکاروں نے جائے حادثہ سے لاشیں اور زخمی منتقل کیں۔ تفصیلات کے مطابق ایبٹ روڈ پر ٹریفک حادثہ پیش آیا جس میں 2 افراد جاں بحق اور ایک شخص زخمی ہوا، ریسکیو اہلکاروں نے جائے حادثہ سے لاشیں اور زخمی منتقل کیں۔ زخمی شخص کو علاج کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ ریسکیو اہلکاروں نے دونوں کو سی پی آر فراہم کیا، تاہم وہ جانبر نہ ہو سکیں۔ دوسرے واقعے میں تحصیل حضرو (بقیہ نمبر 39)

چائلڈ پورنوگرافی میں ملوث عناصر کے خلاف بڑی کارروائی

2 ملزمان بے نقاب، ملزمان کیخلاف پیکا ایکٹ کے تحت مقدمات درج

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل سائبر کرائم انویسٹیگیشن ایجنسی کی چائلڈ پورنوگرافی میں ملوث عناصر کے خلاف بڑی کارروائی کرتے ہوئے 2 ملزمان کو بے نقاب کر دیا، سی ایس اے ایم (CSAM) بنانے، رکھنے اور پھیلانے میں ملوث 2 ملزمان بے نقاب، ملزمان ساجد علی اور اسد سیف والش ایپ اور ٹیلی گرام کے ذریعے قابل اعتراض مواد کی ترسیل میں ملوث پائے گئے، دونوں ملزمان گرفتار، جرم میں استعمال ہونے والے 2 موبائل (بقیہ نمبر 46)

صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق چکتالا ہور صفائی مہم کے افتتاح کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں، وزیر اعلیٰ کے معاون خصوصی شعیب مرزا بھی ساتھ ہیں

پورا سسٹم ہی خراب ہے، کوئی کام نہیں کرتا، لاہور ہائیکورٹ

9 سال سے چالان جمع نہ ہونے پر گاڑی سپرداری سے متعلق کیس کی سماعت، عدالت نے سپرداری درخواست خارج کر دی

آپ گاڑی کے مالک کیسے بن گئے کاغذات آپ کے نام پر نہیں، نمبر ٹیمپر ڈ ہے، آپ کے خلاف تو مقدمہ بنتا ہے، عدالت

لاہور(اے ایف پی) لاہور ہائیکورٹ نے ایک مقدمے کی سماعت کے دوران ریمارکس دیے ہیں کہ پورا سسٹم ہی خراب ہے، کوئی کام نہیں کرتا، سسٹم کیسے ٹھیک ہوگا؟۔ 9 سال سے چالان جمع نہ ہونے پر گاڑی سپرداری سے متعلق کیس کی سماعت لاہور ہائیکورٹ میں ہوئی، جہاں عدالت نے سپرداری درخواست خارج کر دی۔ چیف جسٹس عالیہ نیلم نے طاہر علی پھول کی سپرداری درخواست (بقیہ نمبر 35)

6 نومبر 1947 جموں و کشمیر کی تاریخ کا سیاہ ترین دن

یہ سانحہ تاریخ انسانی کا وہ باب ہے جسے کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا، ملک امیر کابل

لندن (این این آئی) سابق مشیر صدر آزاد جموں و کشمیر و صدر اوور سیز پاکستانیز ویلفیئر کونسل کشمیر فورم یو کے/ یورپ، ملک امیر کابل نے 6 نومبر یوم شہدائے جموں و کشمیر کی مناسبت سے اپنے جاری کردہ خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ 6 نومبر 1947 جموں و کشمیر کی تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے، جب ڈوگرہ مہاراجہ کی فوج اور شر پسندوں نے جموں میں لاکھوں مسلمانوں کو شہید کیا۔ یہ سانحہ تاریخ انسانی کا وہ باب ہے جسے کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ (بقیہ نمبر 36)

سرگودھا، کپڑے کی دوکان پر دن دیہاڑے فائرنگ، خاتون کو قتل

سرگودھا(این این آئی) مسلح نوجوان نے مین بازار میں کپڑے کی دوکان پر دن دیہاڑے فائرنگ کر کے خاتون کو قتل کر دیا اور فرار ہو گیا پولیس نے مقتول کی نعش تحویل میں لیکر مقدمہ قتل درج کر لیا اور ملزم کی تلاش میں مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا لالہ موسیٰ ریلوے لائن کے علاقہ منڈی بہاوالدین کے قصبہ قادر آباد میں آتشیں (بقیہ نمبر 37)

ٹانک، چار پولیو ورکرز کے اغوا کے واقعے پر اظہارِ تشویش

گورنر فیصل کریم کنڈی کا مغوی پولیو ورکرز کی بحفاظت فوری بازیابی کا حکم

پشاور(این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے ٹانک میں چار پولیو ورکرز کے اغوا کے واقعے پر اظہارِ تشویش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پولیو ورکرز کا اغوا انتہائی افسوسناک اور قابلِ مذمت واقعہ ہے۔ اپنے بیان میں فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ پولیو ورکرز بچوں کے محفوظ مستقبل اور صحت مند پاکستان کے لیے قومی فریضہ انجام دے رہے ہیں۔ گورنر فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ مغوی پولیو ورکرز کی بحفاظت بازیابی کے لیے فوری (بقیہ نمبر 38)

حادثات میں ماں بیٹی سمیت تین افراد جاں بحق، ایک شخص زخمی

اٹک (این این آئی) ضلع اٹک کی تحصیل جنڈ اور حضرو میں بجلی کا کرنٹ لگنے کے دو مختلف واقعات میں ماں بیٹی سمیت تین افراد جاں بحق ہو گئے، جبکہ جنڈ میں گاڑی کھائی میں گرنے سے ایک شخص زخمی ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق تحصیل جنڈ کے محلہ تکیہ میں گھر میں نصب پانی کی موٹر سے کرنٹ لگنے کے باعث 40 سالہ خاتون زوجہ صفیر اللہ اوران کی تین سالہ بیٹی خفیفہ جاں بحق ہو گئیں۔ ریسکیو اہلکاروں نے دونوں کو سی پی آر فراہم کیا، تاہم وہ جانبر نہ ہو سکیں۔ دوسرے واقعے میں تحصیل حضرو (بقیہ نمبر 39)

اسلام آباد، خواتین کو بلیک میل کرنے والا ملزم گرفتار

ملزم فیضان اکرم کو 29 اکتوبر کو گرفتار کیا گیا، قبضے سے 2 موبائل فونز برآمد

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل سائبر کرائم انویسٹیگیشن ایجنسی اسلام آباد نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے واٹس ایپ بلیکنگ فراڈ میں ملوث ملزم گرفتار کر لیا ملزم فیضان اکرم کو 29 اکتوبر کو گرفتار کیا گیا، قبضے سے 2 موبائل فونز برآمد، برآمد شدہ فونز سے مدعیہ سمیت دیگر لڑکیوں کی قابل اعتراض تصاویر اور ویڈیوز بھی برآمد کر لی گئیں۔ تفصیلات کے (بقیہ نمبر 40)

2D بارکوڈ کے نفاذ کے معاملے پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا، وزیر صحت

ادویات پر 2D بارکوڈ کے نفاذ میں تاخیر، ڈیٹا جمع نہ کرانے والی کمپنیوں کے پیداواری یونٹس سیل کرنے کا فیصلہ

مقررہ مہلت کے باوجود عمل درآمد نہ کرنے والی کمپنیوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے گی، وزارت صحت

اسلام آباد (اے ایف پی) وزیر صحت مصطفیٰ کمال کی زیر صدارت ادویات پر 9 اکتوبر کے بعد 2D بارکوڈ کے نفاذ پر پیش رفت کا جائزہ اجلاس ہوا، اجلاس میں سی ای او ڈریپ اور متعلقہ اداروں کے حکام سمیت تمام اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ تقریباً 80 فیصد فارماسیوٹیکل کمپنیوں نے ادویات پر 2D بارکوڈ کے نفاذ کا عمل شروع کر دیا ہے جبکہ ڈیٹا جمع نہ کرانے والی کمپنیوں کو باضابطہ نوٹس جاری کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ وزارت صحت کے مطابق مقررہ مہلت کے باوجود عمل درآمد نہ کرنے والی کمپنیوں کے خلاف (بقیہ نمبر 41)

پشاور، تجاوزات آپریشن کیخلاف درخواستوں پر ہائیکورٹ کا مزید کارروائی روکنے کا حکم

پشاور(این این آئی) پشاور ہائیکورٹ نے تجاوزات آپریشن کے خلاف فیصل قریشی اور نعمان کی درخواستوں پر متعلقہ انتظامیہ کو درخواست گزاروں کے خلاف مزید کارروائی سے روک دیا۔ جسٹس سید ارشد علی اور جسٹس محمد فہیم ولی نے درخواستوں پر سماعت کی، جس میں درخواست گزاروں کے وکیل نے مؤقف اختیار کیا کہ تجاوزات کے خلاف جاری آپریشن کے دوران سرکلر روڈ پر واقع (بقیہ نمبر 42)



نارووال: احمد آباد کے قریب طالبعلم دھند کے دوران ٹرین کے قریب سے گزر رہے ہیں

کندھ کوٹ امن وامان سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس زیر تعمیر منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ

کمشنر اور ڈی آئی جی لاڑکانہ کی زیرِ صدارت اجلاس میں ایم این ایز، ایم پی ایز اور تمام متعلقہ محکموں کے افسران کی شرکت

اجلاس کے بعد حکام کا کچے کے علاقے کا دورہ، زیرِ تعمیر اسکول اور کندھ کوٹ۔ گھونگی پل کے ترقیاتی کام کا معائنہ

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) ضلع کشمور کے کچے کے علاقوں کی سماجی و معاشی ترقی سے متعلق اہم اجلاس، ترقیاتی اقدامات اور منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ کندھ کوٹ 3) نومبر 2026): کمشنر لاڑکانہ ڈویژن رشید احمد مسعود اور ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس لاڑکانہ شیراز نظیر عباسی کی زیرِ صدارت ڈپٹی کمشنر آفس کشمور ایٹ کندھ کوٹ میں ضلع کشمور کے کچے کے علاقوں کی سماجی و معاشی ترقی، سکیورٹی کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ضلع کے کچے کے علاقوں میں سماجی و معاشی ترقی کے (بقیہ نمبر 4)

خلیجی ممالک کو پاکستان کی چاول برآمدات میں نمایاں اضافہ

ستمبر 2026 میں پاکستان نے 4 لاکھ 20 ہزار ٹن چاول عالمی منڈیوں میں برآمد کیے

اسلام آباد (این این آئی) خلیجی خطے میں کشیدگی اور عالمی بحری راستوں میں رکاوٹوں کے باوجود پاکستان کی چاول برآمدات میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، ستمبر 2026 میں پاکستان نے چاول کی برآمدات کے معاملے میں ویتنام کو بھی پیچھے چھوڑ دیا۔ دستیاب اعداد و شمار کے مطابق ستمبر 2026 کے دوران پاکستان نے 4 لاکھ 20 ہزار ٹن چاول عالمی منڈیوں میں برآمد کیے، جبکہ دنیا کے تیسرے بڑے چاول برآمد کنندہ ملک ویتنام کی برآمدات 3 لاکھ 37 ہزار ٹن رہیں۔ رپورٹ کے مطابق امریکہ اور ایران کے درمیان کشیدگی اور خلیجی خطے میں بحری نقل و حمل کو درپیش رکاوٹوں کے باوجود عالمی منڈی میں پاکستانی چاول، خصوصاً (بقیہ نمبر 56)

مدرسے میں معلم کا بچے پر بہیمانہ تشدد، آنکھ 80 فیصد ضائع

ہرنس پورہ پولیس نے قاری عبدالواحد کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا

لاہور(این این آئی) ہرنس پورہ پولیس نے مدرسے میں بچے کی آنکھ شدید زخمی کرنے کے الزام میں قاری کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ملزم قاری عبدالواحد نے بچے عفان شاہ کی آنکھ پر ڈنڈا مارا جس کے باعث ابتدائی معلومات کے مطابق بچے کی آنکھ 80 فیصد متاثر ہوئی۔ بچے کے والد کے مطابق عفان مدرسے سے واپس گھر پہنچا تو وہ خوفزدہ تھا اور اس کی آنکھ شدید زخمی تھی۔ ملزم قاری عبدالواحد نے بچے کو واقعے کے بارے میں کسی کو نہ (بقیہ نمبر 54)



لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق، نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کینسر ٹریٹمنٹ اینڈ ریسرچ کے دورے کے دوران جدید مشیری کا جائزہ لے رہے ہیں، سیکرٹری صحت عظمت محمود بھی ہمراہ ہیں

سرینا ہوٹل، نادرا چوک اور ایکسپریس چوک عارضی طور پر بند

اسلام آباد ٹریفک پولیس آپکی رہنمائی کے لیے مصروف عمل ہے، سی ٹی او

اسلام آباد (این این آئی) ریڈ زون کے داخلی و خارجی راستے جن میں سرینہ ہوٹل، نادرا چوک اور ایکسپریس چوک عارضی طور پر بند کر دیئے گئے ۔تفصیلات کے مطابق حکم نامہ میں کہا گیا کہ 03 نومبر 2026 تا اگلے حکم تک ریڈ زون کے داخلی و خارجی راستے جن میں سرینہ ہوٹل، نادرا چوک اور ایکسپریس چوک عارضی طور پر بند رہیں گے۔ انتظامیہ کے مطابق شہری ریڈ زون میں داخل ہونے کے لئے ایوب چوک میریٹ ہوٹل اور مارگلہ روڈ کا استعمال کر سکتے ہیں، اسلام آباد ٹریفک پولیس آپکی رہنمائی کے لیے مصروف عمل ہے ۔انتظامیہ کی جانب (بقیہ نمبر 48)

گھر سے 37 لاکھ مالیت کے زیورات چوری کرنے والی ملازمہ گرفتار

پولیس نے ملزمہ سے مسروقہ زیورات برآمد کر کے مدعی کے حوالے کر دیئے

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ سول لائنز پولیس نے گھر سے 37 لاکھ روپے سے زائد مالیت کے طلائی زیورات چوری کرنے کے الزام میں ملازمہ کو گرفتار کر کے مسروقہ زیورات برآمد کر لیے۔ پولیس کے مطابق گھر میں ملازمت کے لیے آنے والی خاتون چوری کی واردات میں ملوث نکلی، ملزمہ چند روز قبل ہی ملازمت حاصل کرنے گھر آئی تھی۔ سول لائنز پولیس نے ٹیکنیکل اور ہیومن انٹیلی جنس ذرائع استعمال کرتے ہوئے ملزمہ (بقیہ نمبر 49)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ

ہم سے بنوایں.

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

Call / Whatsapp
0309-7900035

E-Commerce Website
Price: 6000/-